آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 34 | بروز منگل 18 اکتوبر 2022ء بمطابق 21 ربیع الاول 1444ھ | شمارہ نمبر 244

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30

اہل تشیع

فجر صبح	05:15
ظہرین	01:00
مغربین	7:00

صوبائی حکومت سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی بحالی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

صوبائی حکومت نے متاثرہ علاقوں کے زمینداروں کی بحالی کیلئے 16 ارب روپے کی لاگت کے پروگرام کا آغاز کیا ہے جسکے تحت زمینداروں کو شمسی توانائی پمپس اور کھاد پر سبسڈی دی جائیگی

صوبائی حکومت نے پروگرام کے لی معاونت پر وفاقی حکومت سے بھی درخواست کی ہے وزیراعلیٰ نے وزیراعظم سے انکی جانب سے اعلان کردہ 10 ارب روپے کے فوری اجراء کی درخواست بھی کی

وزیراعظم نے متاثرہ اضلاع میں پینے کے صاف پانی صحت اور دیگر سہولتوں کی فراہمی کیلئے وزیراعلیٰ اور انکی ٹیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے زراعت کی بحالی کے پروگرام سمیت نقصانات کے ازالے کیلئے وفاقی حکومت کے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا

صحبت پور (ٹی ٹی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت صوبے کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں معمولات زندگی کی بحالی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور متاثرین کو صحت تعلیم اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے دورہ صحبت پور کے موقع پر دی جانے والی بریفنگ کے دوران کیا پی این پی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل صوبائی وزیر میر محمد خان لہڑی رکن صوبائی اسمبلی میر سلیم کھوسہ بھی اس موقع پر موجود تھے جبکہ چیف سیکریٹری عبدالعزیز عقیلی نے بریفنگ دی وزیراعلیٰ بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعظم شہباز شریف کا دورہ صحبت پور سیلاب بارے چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی بریفنگ دے رہے ہیں

سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں کھڑا پانی بڑا چیلنج ہے، وزیراعظم

اس پانی سے پیدا ہونے والی بیماریاں پھیلنے کا خدشہ ہے، سندھ اور بلوچستان کے وزراء اعلیٰ اور تمام متعلقہ محکمے مل کر اس کھڑے پانی کو نکالنے کے حوالہ سے حکمت عملی مرتب کریں

88 فیصد متاثرین میں 25 ہزار روپے کی نقد رقم تقسیم کردی گئی ہے، گھروں کے نقصان پر معاوضہ کی ادائیگی کا کام بھی جلد شروع کردیا جائے گا، علاقہ میں کھڑا پانی فصلوں کی بوائی کیلئے بھی استعمال میں لایا جاسکے گا

اس پانی سے پیدا ہونے والی بیماریاں پھیلنے کا خدشہ ہے، بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقہ صحبت پور کے دورہ کے موقع پر وزیراعظم کو بتایا گیا کہ ماڈل سکول کا پی سی ون بنا دیا گیا ہے، سکول کو جلد مکمل کیا جائے گا، میاں محمد شہباز شریف

کوئٹہ/صحبت پور (این این آئی) وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں کھڑا پانی بڑا چیلنج ہے، اس پانی سے پیدا ہونے والی بیماریاں پھیلنے کا خدشہ ہے، سندھ اور بلوچستان کے وزراء اعلیٰ اور تمام متعلقہ محکمے مل کر اس کھڑے پانی کو نکالنے کے حوالہ سے حکمت عملی مرتب کریں جبکہ وزیراعظم کو بتایا گیا کہ 88 فیصد متاثرین میں 25 ہزار روپے کی نقد رقم تقسیم کردی گئی ہے، گھروں کے نقصان پر معاوضہ کی ادائیگی کا کام بھی جلد شروع کر دیا جائے گا، علاقہ میں کھڑا پانی فصلوں کی بوائی کیلئے بھی استعمال میں لایا جاسکے گا۔ یہ کہ بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقہ صحبت پور کے دورہ کے موقع پر وزیراعظم کو بتایا گیا کہ ماڈل سکول کا پی سی ون بنا دیا گیا ہے، سکول کو جلد مکمل کیا جائے گا جس پر وزیراعظم نے کہا کہ اس سکول کے قیام بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

معیشت میں انقلاب آئی ٹی سیکٹر سے آئیگا، اسد عمر

پاکستان میں عورتیں زیادہ محنتی ہیں، آئی ٹی کی فیلڈ میں خواتین زیادہ کامیاب ہوسکتی ہیں، سابق وزیر

عمران خان وزیراعظم بنے تو ہم یہ پروگرام دوبارہ شروع کریں گے، تقریب سے خطاب

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد عمر نے کہا ہے کہ معیشت میں انقلاب آئی ٹی سیکٹر سے آئیگا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ معیشت میں انقلاب آئی ٹی سیکٹر سے آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں عورتیں زیادہ محنتی ہیں۔ آئی ٹی کی فیلڈ میں خواتین زیادہ کامیاب ہوسکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پہلوانی اور ویٹ لفٹنگ کے علاوہ تمام شعبوں میں خواتین مردوں کا مقابلہ کرسکتی ہیں، سب طلباء کی سوچ ہونی چاہیے کہ آپ نے اپنا بزنس شروع کرنا بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

صحت مند زندگی کیلئے کھیلوں میں حصہ لینا بہت ضروری ہے، روشن خورشید بروچہ

کھیلوں و ورزش سے انسان کی صحت میں مثبت تبدیلیاں آتی ہیں، سابق صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) سابق صوبائی وزیر روشن خورشید بروچہ نے کہا ہے کہ صحت مند زندگی کیلئے کھیلوں میں حصہ لینا بہت ضروری ہے، کھیلوں و ورزش سے انسان کی صحت میں مثبت تبدیلیاں آتی ہیں اور بہت سی بیماریوں سے نجات بھی ملتی ہے، کھیل صحت مند زندگی کیلئے ضروری بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

صوبے میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں پر معیار اور شفافیت اولین ترجیح ہونی چاہیے، علی اکبر بلوچ

موثر اور مضبوط انفراسٹرکچر ہی بلوچستان کی ترقی کا ضامن ہے، سیکرٹری مواصلات و تعمیرات

کوئٹہ (این این آئی) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات علی اکبر بلوچ کی زیر صدارت پی ایس ڈی پی 2022-23 اسکیمات میں شامل روڈز اور بلڈنگ سیکٹرز کے حوالے سے ڈویلپمنٹ سب کمیٹی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں گیارہ مختلف ترقیاتی منصوبوں سے دس ترقیاتی منصوبوں بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

الیکشن ایکٹ 2017 کی دفعہ 37 کے تحت ضلعی الیکشن کمشنر آفس کوئٹہ میں "ون ونڈو سینٹر" کا قیام عمل میں لایا جاچکا ہے، الیکشن کمیشن آف پاکستان

کوئٹہ (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ہدایت کی روشنی میں الیکشن ایکٹ 2017 کی دفعہ 37 کے تحت پورے ملک کی طرح ضلع کوئٹہ میں بھی حتمی ووٹر لسٹوں کی تشہیر کے بعد ضلعی الیکشن کمشنر آفس کوئٹہ میں "ون ونڈو سینٹر" کا قیام عمل میں لایا جاچکا ہے۔ جس میں تمام شہری ووٹر لسٹوں بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

احسن اقبال سے چینی سفیر کی ملاقات، توانائی و بجلی کے منصوبوں میں تعاون پر بات چیت

سی پیک کا دائرہ انفرسٹرکچر سے وسیع کرنے اور پاکستان کی صنعتی صلاحیت بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی پروفیسر احسن اقبال سے چین کے سفیر لونگ ڈونگ نے بیجنگ میں ملاقات کی۔ ملاقات میں توانائی و بجلی کے منصوبوں پر باہمی تعاون سے متعلقہ امور پر بات چیت کی گئی۔ ملاقات میں سی پیک کا دائرہ انفرسٹرکچر سے وسیع کرنے اور پاکستان کی بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

کوئٹہ شہر کے تمام علاقوں میں درست پریشر کے ساتھ گیس کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں کوئٹہ شہر میں گیس پریشر کی شدید کمی و ناروا لوڈشیڈنگ کی شدید مذمت کرتے ہوئے سوئی سدرن گیس کمپنی کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ فوری طور کوئٹہ شہر کے تمام علاقوں میں درست پریشر کے ساتھ گیس کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ بیان میں کہا بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

برقی تنصیبات اور لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر میں برقی تنصیبات اور لائنوں بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

مکران میڈیکل کالج کے طلباء اور طالبات کا ایف سی کیمپ تربت کا دورہ

کوئٹہ (این این آئی) کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور کی دعوت پر مکران میڈیکل کالج کے 107 طلباء بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

دنیا ست کر وحدت کے جانب بڑھ رہی ہے، مولانا محمد خان شیرانی

کوئٹہ (این این آئی) جے یو آئی پاکستان کے مرکزی قائد مولانا محمد خان شیرانی نے کہا ہے کہ دنیا ست کر وحدت کے جانب بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اراکین کی رخصت کی درخواستیں منظور کرلی گئیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اراکین نواب ثناء اللہ زہری، نواب محمد اسلم خان رئیسانی، میر عمر جمالی، زابد علی بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

کورونا سے مزید ایک مریض جاں بحق، 24 کی حالت نازک

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں کورونا کے کیسز پھر بڑھنے لگے، گزشتہ چوبیس گھنٹے کے دوران موذی مرض سے بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

تجارت و دیگر شعبوں کے فروغ کے لیے پاکستان کے ساتھ 10 معاہدوں پر دستخط کیے جائیں گے، ایتھوپین سفیر

کراچی (این این آئی) ایتھوپیا کے سفیر جمال بکر عبداللہ نے کہا ہے کہ تجارت کے فروغ، سیاسی مشاورت، دفاعی بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

پنجاب بھر میں 1166 ٹریفک حادثات میں 13 افراد جاں بحق، 1281 زخمی ہوئے

لاہور (این این آئی) پنجاب ایمرجنسی سروس نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1166 ٹریفک بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

آرمی چیف سے ناروے کے سفیر کی ملاقات، علاقائی سیکورٹی صورت حال پر گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) ناروے سفیر نے جی ایچ کیو میں آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے ملاقات کی جس میں علاقائی بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

حالیہ سیلاب کی وجہ سے ملک میں غربت کی شرح میں اضافے کا خطرہ ہے، ممنون صدر

پاکستان میں غربت کے مکمل خاتمے کیلئے خوراک، روزگار، صحت، مکان، انصاف تک رسائی بڑھانے کے ساتھ ساتھ عوام کی سیاسی شمولیت اور ان کے اختیارات میں اضافہ کرنا ہوگا

غربت کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر غربت اور اس کی تمام شکلوں کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں، خورا کے عالمی دن کے موقع پر پیغام

واشنگٹن (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ حالیہ سیلاب کی وجہ سے پاکستان میں غربت کی شرح میں اضافے کا خطرہ ہے، لاکھوں گھروں اور لاکھوں ایکڑ پر کھڑی فصلوں کی تباہی کی وجہ سے غریبوں پر بوجھ میں اضافہ ہوا ہے تاہم پاکستان غربت کے خاتمے، عوام کی ترقی و خوشحالی اور پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کیلئے اپنی کاوشیں جاری رکھے گا۔ ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے 17 اکتوبر کو غربت کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان میں غربت کے مکمل خاتمے کیلئے خوراک، روزگار، صحت، مکان، انصاف تک رسائی بڑھانے کے بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

میثاق معیشت میثاق جمہوریت سے زیادہ اہم ہے، وزیر داخلہ

اگر اسلام آباد پر چڑھائی کی گئی تو پوری طاقت سے روکیں گے، چڑھائی کا طریقہ اپنایا تو پھر الیکشن نہیں جتھوں کی تیاری ہوگی

جتھہ کلچر پروان چڑھا کر اسلام آباد پر چڑھائی کی تو منہ توڑ جواب دیا جائے گا، الیکشن کرانا ہے تو پارلیمنٹ میں آئیں، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این ایم) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ کا کہنا ہے کہ اگر اسلام آباد پر چڑھائی کی گئی تو پوری طاقت سے روکیں گے، چڑھائی کا طریقہ اپنایا تو پھر الیکشن نہیں جتھوں کی تیاری ہوگی۔ ارتداد آپ نے کی ہے انعام ہمارے پاس ہوگا۔ ہم نے آئینی طریقے سے آپکی حکومت کو ختم کیا، جتھہ کلچر سے نہیں۔ چارٹر آف ڈیموکریسی سے چارٹر آف اکانومی زیادہ اہم ہے، الیکشن کرانا ہے تو پارلیمنٹ میں آئیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق رانا ثناء اللہ نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی نے جتھہ کلچر اپنایا تو منہ توڑ جواب دیں گے۔ 8 سے 10 ماہ بعد آپکو جتھوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ہمیں کوئی ابہام نہیں کہ ہم نے آپ کے ساتھ کیا کرنا ہے۔ افراتفری اور انتشار کی سیاست کو پوری قوم طاقت سے روکے گی۔ وفاقی وزیر داخلہ نے ضمنی انتخابات پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ہم بھی چاہتے تو آر ٹی ایس بیٹھ سکتا تھا، پہلے بھی 20 سیٹوں پر الیکشن فری اور فیئر ہونے پر کسی کو کوئی اعتراض نہیں ہوا، ابھی بھی کہہ رہے بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

لورالائی: نامعلوم افراد فائرنگ اور چھریوں کے وار سے ایک شخص جاں بحق، 3 زخمی

لورالائی (این این آئی) لورالائی میں نامعلوم افراد فائرنگ اور چھریوں کے وار سے ایک شخص جاں بحق 3 زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق لورالائی کو ہاڑ ڈیم پر پکنک پر گئے ہوئے 4 دوستوں پر نامعلوم افراد کی فائرنگ اور چھریوں کے وار سے امراز خان ولد فضل محمد جاں بحق جبکہ سید خان ولد آزاد خان، تاجر ولد محمد یونس اور محمد یار ولد باری بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

ٹریفک حادثے میں ایس پی جاں بحق، دو پولیس اہلکار زخمی

زخمیوں کو طبی امداد دینے کے بعد مزید علاج کے لئے کوئٹہ ریفر کردیا گیا

خاران (نمائندہ خصوصی) بسیمہ کے علاقے دولبندی کے مقام پر ٹریفک حادثے میں ایس پی عبداللطیف بلوچ جاں بحق دو پولیس اہلکار زخمی۔ جنہیں فوری طور پر سول ہسپتال بسیمہ منتقل کردیا۔ زخمیوں کو طبی امداد دینے کے بعد مزید علاج کے لئے کوئٹہ ریفر کردیا گیا۔ راستے میں ایس پی عبداللطیف بلوچ زخموں کے تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے ایس پی اپنے گھر پنجگور جا رہا تھا۔ حال ہی میں اس کا تبادلہ بسیمہ پور سے کوئٹہ ہوا تھا وضلع واشک کا سابق ایس پی بھی رہے ہیں۔ حادثہ اوورٹیک کے باعث ہوا تھا دریں اثناء پریس کلب خاران کے سابق صدر سینئر صحافی محمد حسنی نے ایس بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

خضدار: مینگل کوٹ پہنچنے پر وزیراعظم شہباز شریف کا سردار اختر جان مینگل استقبال کر رہے ہیں

ضمنی انتخابات میں ن لیگ کو شکست، نواز شریف پارٹی قیادت پر برہم

مسلم لیگ ن کے قائد نے پارٹی کی اعلیٰ قیادت سے الیکشن میں شکست کی رپورٹ طلب کرلی

اسلام آباد (ٹی این ایم) ضمنی انتخابات میں ن لیگ کو شکست، نواز شریف پارٹی قیادت پر برہم ہو گئے۔ ضمنی انتخابات پر مسلم لیگ ن کی بدترین شکست پر نواز شریف نے پارٹی قیادت پر اظہار برہمی کیا ہے۔ مسلم لیگ کے قائد نے نگی وزراء اور پارٹی عہدیداروں کو سخت تنبیہ کی جبکہ پارٹی کی اعلیٰ قیادت سے ضمنی انتخابات میں شکست کی فوری رپورٹ طلب کر لی ہے۔ ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے مزید رپورٹ کیا گیا کہ پارٹی امیدوار اور رہنما شکست پر پھٹ پڑے۔ امیدواروں بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم حکومت سیاسی و معاشی محاذ پر رسوا ہوچکے، مولانا عبدالقادر لونی

پی ڈی ایم قیادت نے مہنگائی کارڈ استعمال کرکے عوام کو جو سبز باغ دکھایا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام (نظریاتی) پاکستان کے مرکزی سینئر نائب امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجیم خان ایڈووکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی نائب امیر مولانا عزیز احمد شاہ اور مفتی نے کہا کہ عوام نے پی ڈی ایم حکومت کی غلامانہ اور استحصالی پالیسیوں کو مسترد کردیا۔ عوام نے ان حکومت کے خلاف اپنا فیصلہ سنا دیا ملک کو آئی ایم ایف کے گروی میں رکھ دی آئی ایم ایف بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

پنجگور میں لیویز فورس کی کارروائی، چوری میں ملوث 3 ملزمان گرفتار

پنجگور (این این آئی) پنجگور میں لیویز فورس نے کارروائی کرتے ہوئے صدام محمد آدم کے سولر چوری کرنے والے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ لیویز کے مطابق ڈپٹی کمشنر پنجگور کی ہدایت اور اسسٹنٹ کمشنر گوارگو اسداللہ بلوچ کی نگرانی میں رسالدار میجر صابر علی لیویز محرر عبدالغفار نے کاٹاگری گوارگو کے علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

متنازعہ ٹوئٹ کیس میں گرفتار سینیٹر اعظم سواتی کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا

سماعت کے دوران اعظم سواتی کے وکیل بابر اعوان روسٹرم پر آگئے

عدالت نے ایف آئی اے کی ملزم کے مزید جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کردی

اسلام آباد (این این آئی) مقامی عدالت نے متنازعہ ٹوئٹ کیس میں گرفتار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سینیٹر اعظم سواتی کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجتے ہوئے ایف آئی اے کی ملزم کے مزید جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کردی۔ اسلام آباد کے سینئر سول جج محمد شبیر نے متنازعہ ٹوئٹ پر پی ٹی آئی رہنما سینیٹر اعظم سواتی کے جسمانی ریمانڈ میں توسیع سے متعلق کیس پر سماعت کی۔ سماعت کے دوران اعظم سواتی کے وکیل بابر اعوان روسٹرم پر آگئے اور کہا کہ بتایا گیا کہ ایف آئی اے ایک پیج اعظم سواتی کو پیش بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

ممنوعہ فنڈنگ کیس عمران خان کی 31 اکتوبر تک عبوری ضمانت منظور

عدالت نے ایک لاکھ روپے کے مچلکوں پر عمران خان کی عبوری ضمانت منظور کی

عدالتی دائرہ اختیار کا معاملہ کلیئر ہونے تک عبوری ضمانت منظور کرتے ہیں، اسپیشل سینٹرل کورٹ

اسلام آباد (ٹی این ایم) ممنوعہ فنڈنگ کیس میں عمران خان کی 31 اکتوبر تک عبوری ضمانت کرلی گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسپیشل سینٹرل کورٹ میں ممنوعہ فنڈنگ کیس میں عمران خان کی ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواست پر سماعت ہوئی، اسپیشل سینٹرل عدالت کے جج راجہ آصف محمود نے درخواست پر سماعت کی۔ عمران خان کے وکیل نے کہا کہ عدالتی دائرہ اختیار کا معاملہ ہائیکورٹ میں زیر سماعت ہے۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ آپ ایف آئی آر پڑھ کر بتائیں، اگر دفعات سرکاری ملازم کی وجہ سے لگی ہیں تو ہم سن سکتے ہیں۔ ابھی تو آپ ہائیکورٹ کے آرڈر سے آئے ہیں۔ عدالت نے قرار دیا کہ عدالتی دائرہ اختیار کا معاملہ کلیئر ہونے تک عبوری ضمانت دیتے ہیں۔ عدالت نے عمران خان کی ایک لاکھ روپے کے مچلکوں پر عبوری ضمانت منظور کر لی۔ عمران خان بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کے رواں سیشن کے لیے پینل آف چیئرپرسن کا اعلان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے رواں سیشن کے لیے پینل آف چیئرپرسن کا اعلان کردیا گیا، پی کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں ڈپٹی اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل نے رواں سیشن کے لیے شاہینہ کاکڑ، قادر علی بلوچ، ملک نصیر احمد شاہوانی، لکھمی شام مل پر مشتمل چار رکنی پینل آف چیئرپرسن کا اعلان کیا۔

ضلع صحبت پور میں جاری تمام ترقیاتی پروجیکٹ انتوا کا شکار سیلاب کا بہانا بنا کر پروجیکٹ کے کاموں سے ٹھیکیدار ہاتھ کھینچنے لگے

ماکھی پور (نامہ نگار) ضلع صحبت پور میں جاری تمام ترقیاتی پروجیکٹ انتوا کا شکار سیلاب کا بہانا بنا کر پروجیکٹ کے کاموں سے ٹھیکیدار ہاتھ کھینچنے لگے نیب بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان شفاف تحقیقات کرائیں تفصیلات کے مطابق ضلع صحبت پور میں اسپورٹس کمپلیکس۔ ڈگری کالج جیرو ین ڈگری کالج ماکھی پورڈسٹرکٹ کمپلیکس بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

ہمیں صنعتکاروں کی حوصلہ شکنی کی بجائے حوصلہ افزائی کرنے کی ضرورت ہیں، عابد سلیم قریشی

اکنامک زونز میں رئیل اسٹیٹ بزنس نہیں ہونے دیں گے، سیکرٹری انڈسٹریز بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) سیکرٹری انڈسٹریز بلوچستان عابد سلیم قریشی نے کہا ہے کہ بوستان اسپیشل اکنامک زون میں صنعتکاروں کو پلاٹ، گیس و دیگر سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں تاخیر ناقابل قبول ہے، ہمیں صنعتکاروں کی حوصلہ شکنی کی بجائے حوصلہ افزائی کرنے کی ضرورت ہیں، اکنامک زونز میں رئیل اسٹیٹ بزنس نہیں ہونے دیں گے، الاٹمنٹ کے لئے ان شعبوں میں صنعتکاری کرنے والوں کو زیادہ ترجیح دی جائے گی جس سے صوبے کی پیداواری شعبوں کو تقویت مل سکے، چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

لیبل آباد امیر جماعت اسلامی سراج الحق پیشنل ایسوسی ایشن فار ایجوکیشن ٹالنٹ کے زیر اہتمام پروگرام سے خطاب کر رہے ہیں

افسوس کی بات ہے سندھ سے زہریلا پانی چھوڑا جا رہا ہے، جان جمالی

کھیل گندا خہ سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے اس وقت بھی ہلکا ہلکا پانی بہہ رہا ہے راستے بند ہیں مستقبل میں گندم کے فصل ہونے کا امکان نہیں ہے

گندا خہ تحصیل ہیڈکوارٹر ہے جس میں اسسٹنٹ کمشنر سمیت ڈاکٹروں کی بھی تعیناتی کی جائے گی، قائم مقام گورنر بلوچستان

گندا خہ (نامہ نگار) قائم مقام گورنر بلوچستان میر جان محمد خان جمالی نے کہا کہ اوستا محمد ضلع تو بن گیا مگر سیلاب میں مکمل طور پر ڈوبا ہوا ہے تحصیل گندا خہ سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے اس وقت بھی ہلکا ہلکا پانی بہہ رہا ہے راستے بند ہیں مستقبل میں گندم کے فصل ہونے کا امکان نہیں ہے افسوس کی بات ہے کہ اب بھی سندھ سے زہریلا پانی چھوڑا جا رہا ہے جو کہ انسانوں کے ساتھ ساتھ جانوروں کیلئے بھی انتہائی خطرناک ہے مگر ہم ناامید نہیں ہیں گندا خہ تحصیل ہیڈکوارٹر ہے جس میں اسسٹنٹ کمشنر سمیت ڈاکٹروں کی بھی تعیناتی کی جائے گی گندا خہ میں الفلاح چیک کی جانب سے لگائے گئے میڈیکل کیمپ کے دورے کے موقع پر میر جان محمد خان جمالی کا کہنا تھا کہ مستقبل میں یہاں پولیس اسٹیشنوں میں اضافے کے ساتھ ڈی ایس پی کی تعیناتی، ڈائریکٹر اسپیکیم اور سندھ کے راستوں کی بحالی کی جائے گی کیونکہ یہاں زیادہ تر کاروبار سندھ سے وابستہ ہے خوٹ پور گندا خہ بائیپاس روڈ کے پیچ منظور کیے ہوئے ہیں پانی کی سطح کم ہونے کے بعد کام کا بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

مینظیر انکم سپورٹ پروگرام معاشرے کے پسماندہ طبقات کی فلاح و بہبود کیلئے کوشاں ہے، شازیہ مری

غربت بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے جس کے خلاف اکٹھے ہوکر کام کرنے کی ضرورت ہے

دنیا بھر میں 17 اکتوبر غربت کے خاتمے کے عالمی دن کے طور پر منایا جاتا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ محترمہ شازیہ مری نے کہا ہے کہ مینظیر انکم سپورٹ پروگرام معاشرے کے پسماندہ طبقات کی فلاح و بہبود کیلئے کوشاں ہے۔ غربت کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر کہا کہ پاکستان میں تخفیف غربت و سماجی تحفظ کیلئے "مینظیر انکم سپورٹ پروگرام" کا آغاز شہید محترمہ مینظیر بھٹو کے وژن کی عکاسی کرتا ہے جس کا مقصد سماجی تحفظ کے ایک جامع نظام کے ذریعے معاشرے کے پسماندہ طبقوں بالخصوص خواتین کو معاشی و سماجی بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

وزیر خزانہ: حکومت کے پاس سیلاب متاثرین کو واپسی کیلئے کافی وقت ہے

عمران خان غیر ذمہ دارانہ بیانات دیتے ہیں جس سے امریکا کی طرف سے شکوک و شبہات کا اظہار ہوتا ہے

اب تک سیلاب سے بحالی پر 99 ارب روپے لگائے جاچکے ہیں اور مزید کام جاری رہیگا، وزیر خزانہ کی میڈیا سے گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ اسحق ڈار نے کہا ہے کہ حکومت کیلئے سیاسی ساکھ بحال کرنے اور عوامی مقبولیت حاصل کرنے کیلئے 10 ماہ کافی ہیں، عمران خان غیر ذمہ دارانہ بیانات دیتے ہیں جس سے امریکا کی طرف سے شکوک و شبہات کا اظہار ہوتا ہے، پاکستان کا کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم انتہائی مضبوط اور محفوظ ہے، ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف سے کیے وعدے پورے کیے جائیں گے، ڈونرز کو گرانٹ سمیت پر کوئی اعتراض نہیں، بجٹ ریلیف مزید 15 سے 20 فیصد تک کام ہو چکا ہے، توانائی سیکٹر میں ریلیف مزید عمل بھی جاری رہیگا، لطیف کی میٹنگ ہونے والی ہے، امید ہے پاکستان گرے لسٹ سے نکل آئیگا، ورلڈ بینک اور دیگر اداروں نے سیلاب سے 32.4 ارب ڈالر کے نقصانات کا تخمینہ لگایا ہے، سیلاب سے بحالی کیلئے پاکستان پہلے ہی بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

وزیراعظم شہباز شریف کا سیلاب متاثرہ علاقوں کا دورہ، فضائی جائزہ لیا

شہباز شریف کی اختر مینگل کی رہائش گاہ پر آمد، چچا کے انتقال پر اظہار تعزیت

جیکب آباد/کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف ایک روزہ دورہ بلوچستان کیلئے جیکب آباد پہنچے، دوران پرواز سندھ کے سیلاب زدہ علاقوں کا فضائی جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم دورہ بلوچستان کے موقع پر سیلاب متاثرہ علاقے جیکب آباد پہنچے، دوران پرواز سندھ کے سیلاب زدہ علاقوں کا فضائی جائزہ لیا، اس موقع پر ضلعی انتظامیہ کے افسران نے سیلاب متاثرین کی امداد سے متعلق بریفنگ دی۔ بعدازاں وزیراعظم شہباز شریف نے وڈھ، خضدار میں بلوچستان بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

پارلیمانی سیکرٹری مہ جبین شیران اسمبلی اجلاس میں بلوچستان کمرشل کورٹس کا مسودہ قانون پیش کر رہی ہیں

کوئٹہ کے متعدد تھانوں کے ایس ایچ او تبدیل کردیئے

کوئٹہ

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

18 اکتوبر 2022ء

سیلاب زدگان کی بحالی امدادی کاروائیاں جاری

سیلاب زدگان کی بحالی کے لیے پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کی سول انتظامیہ کے ہمراہ امدادی کاروائیاں جاری سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان، سول انتظامیہ کے ہمراہ سیلاب متاثرین کی ریلیف اور بحالی میں مصروف عمل ہیں۔ سیلاب زدہ علاقوں میں 2 ریلیف کیمپس فعال ہیں جہاں 7662 سیلاب زدگان کو پکا ہوا کھانا، راشن اور علاج معالجہ فراہم کیا جارہا ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پاکستان آرمی، ایف سی بلوچستان، این ڈی ایم اے اور پی ڈی ایم اے کی جانب سے 14310 کھانے کے پیکٹس اور 13059 ٹینٹ، بستر ے، حفظان صحت کا سامان وغیرہ مستحق لوگوں میں تقسیم کیے گئے ہے۔ سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں لوگوں کو متعدی امراض سے بچاکے لیے فری میڈیکل کیمپس کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کی جانب سے 13 فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا جس میں 1325 مریضوں کا علاج معالجہ کیا گیا اور مفت ادویات فراہم کی گئیں۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں سیلاب کی وجہ سے ہونیوالے نقصانات کا جائزہ لینے کے لیے 34 سروے ٹیمیں کام کررہی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 6805 گھروں کا سروے کر لیا گیا ہے۔ متاثرہ علاقوں میں سیلاب سے ہونیوالے 98 نقصانات کا جائزہ لگالیا گیا ہے۔ بلوچستان کی تمام شاہراہیں ٹریفک کی آمدورفت کیلیے مکمل طور پر کھول دی گئیں ہیں۔ جبکہ قومی شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے نیشنل ہائی وے اتھارٹی، پاک فوج، ایف سی بلوچستان، پاکستان کوسٹ گارڈ اور سول انتظامیہ مصروف عمل ہیں۔

30،000 ہزار ایکڑ پر بننے والا شہر جو شروع نہ ہوسکا

منظور احمد

اس سے پہلے کہ میں اپنے خواب یا Ambition کے بارے میں کچھ لکھوں تھوڑا سا میرا پس منظر جاننا ضروری ہے میں 6 سال بطور ایک CSP آفیسر، ملازمت کرتے ہوئے مناسب پوزیشن اور بہت تنخواہ اور مراعات کے ساتھ بینکنگ کے شعبے سے منسلک ہوگیا۔ پرائیویٹ سیکٹر میں قواعد وضوابط سے ہٹ کر سوچنے کی آزادی ہوتی ہے۔ میں نے اپنے بینک کی ملازمت کے دوران 1974/75 میں ہاؤسنگ کا ایک منصوبہ بنایا جو میرے اس وقت کے بینک UBL کا Business portfolio بن گیا۔ اس منصوبے کا نام تھا کینال ویو کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لاہور جو اس وقت قریباً 275 ایکڑ پر مشتمل تھی، بینک نے ابتدائی سرمایہ مہیا کیا۔ کینال ویو اس زمانے کے لحاظ سے دور افتادہ بھی گئی۔ نہر کے کنارے پر پنجاب یونیورسٹی نیو کیمپس سے بھی 6/5 کلومیٹر دور واقع ہونے کی وجہ سے، نہر کے جس طرف اس سوسائٹی کے لئے اراضی خریدی گئی وہاں بڑی سڑک بھی نہ تھی۔ نہر کے اس پار جانے کے لئے کوئی پل بھی نہ بنا تھا، مجھ پر تنقید بھی بہت ہوئی۔ میرے سینئر اور جونیئر ساتھیوں نے میری حوصلہ شکنی بھی کی لیکن بینک کے سربراہ آغا حسن عابدی نے نہ صرف ہمت افزائی کی بلکہ اس وقت کے حساب سے دو کروڑ روپے کی خطیر رقم سوسائٹی کے لئے مختص کر دی۔ کینال ویو کے ابتدائی ممبران بینک ملازمین تھے جنہیں میرے منصوبے پر اعتماد تھا چند ہی ماہ میں سوسائٹی کے ممبران میں پنجاب یونیورسٹی کے اساتذہ اور اسٹاف، سرکاری اداروں کے بڑے افسر، صنعت کار، عمران خان کے والد اور ان کے تمام بچے، لاہور ہائی کورٹ کے ججز اور وکیل لاہور کی پڑھی لکھی مڈل کلاس اشرافیہ کینال ویو کی ممبر بن گئی۔ اس سوسائٹی کی وجہ سے بینک کو تعلقات عامہ اور بزنس Promotion کے وسیع مواقع ملے۔ دراصل لاہور میں یہ پہلا ہاؤسنگ منصوبہ تھا جس پر بینک کی نہ صرف چھاپ لگ گئی تھی بلکہ اس کی انتظامیہ بھی بینک کے سینئر افسروں کے پاس تھی۔ اس سوسائٹی کا میں پہلا اعزازی سیکرٹری بنا۔ سوسائٹی سے میں 1978 میں سبکدوش ہوگیا۔ سوسائٹی کی شہرت اس وقت اپنے عروج پر تھی چونکہ بینک قومیائے جا چکے تھے، بینکوں کا ماحول سرکاری قسم کا بن گیا۔ ضوابط، سفارش، کام چوری عام ہو چکی تھی۔ 1979 میں میں نے پاکستانی بینک چھوڑ دیا اور باہر کے بینکوں میں ملازمتیں کرتا رہا 1987 میں دوبئی کے بینک آف عمان (اب مشرق بینک کہلاتا ہے) میں اچھی تنخواہ، مراعات اور بڑے عہدے پر فائز ہوگیا۔ بینک کے مالکان دوبئی کے بڑے خاندان سے تھے العزیز فیملی کو کون نہیں جانتا، دوبئی کے نصف سے زیادہ کاروبار اس خاندان کی ملکیت ہیں، جائیدادیں بنانے کا ان کا شوق نمبر ون ہے۔ اس بینک میں شمولیت کے ہوئے مجھے ابھی ایک ماہ بھی نہ ہوا تھا کہ انہیں پتہ چلا، میں نے لاہور میں کینال ویو بنائی ہے انہوں نے مجھے کہا کہ میں روایتی بینکنگ چھوڑ کر کینال ویو کی طرح لاہور میں UBL کے ماڈل کی طرح کی سرمایہ کاری سے سوسائٹیاں بناؤں، میں نے اس پر سوچ بچار کی اور ایک ہفتہ میں اپنے کینال ویو والے منصوبے میں ردوبدل کر کے ایک قابل عمل سکیم العزیز کو پیش کی۔ میری تجویز تھی کہ بیرون ملک رہنے والے پاکستانیوں کے لئے لاہور میں دوبئی کی طرح کی رہائشی سوسائٹی بنائی جائے، بینک 100 فیصد سرمایہ کاری زرمبادلہ کی شکل میں کرے اور سوسائٹی کے تمام پلاٹ overseas Pakistanis کو فروخت کئے جائیں اور یہ فروخت نقد قیمت پر نہ ہو بلکہ Expat پاکستانیوں کو پلاٹ خریدنے کے لئے درہموں میں ادھار دیا جائے اور یوں مشرق بینک اپنی 70 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری ادھار پر پلاٹ فروخت کرنے کے بعد منافع باہر ہی وصول کرلے۔ سفید پوش پاکستانی دنیا میں کہیں بھی ہوں، انہیں پلاٹ خریدنے کے لئے قرض درہموں میں ہی دیا گیا۔ اس طرح بینک کی آمدنی دو طریقوں سے ہوئی، قرض پر منافع کی شکل میں اور Exchange diference کی شکل میں۔ اس کامیاب منصوبے سے تمام فریقین کو فائدہ ہوا، فائدہ نمبر ایک پاکستان نے 7 کروڑ ڈالر زرمبادلہ کمایا، فائدہ نمبر 2، بیرون ملک پاکستانیوں کو مکان بنانے کے لئے نہایت آسان اقساط پر خوب صورت ویلکیاء اور ازمیر سوسائٹیز میں رہائشی پلاٹ ملے۔ فائدہ نمبر 3، لاہور شہر میں بہتر پلاننگ کے ساتھ اور قابل اعتماد کوآپریٹو سوسائٹیوں کا اضافہ ہوا، اور سب سے بڑا فائدہ بینک کو ہوا کہ رئیل اسٹیٹ کا شعبہ ان کا ایک اہم اور منافع بخش کاروبار بن گیا۔ میری تجویز کو بڑھاتے ہوئے مشرق بینک نے ہندوستان سری لنکا اور مصر کے Expats کے لئے ان کے ملکوں میں بہترین ہاؤسنگ پروجیکٹس بنائے، میں ہی ان میں سرمایہ کاری کا سربراہ بنا اور یوں مجھے انٹرنیشنل ڈویلپر کا اعزاز حاصل ہوا۔

اب میں آتا ہوں اپنے اس قابل عمل اور منافع بخش منصوبے کی طرف جو شروع ہوتے ہوتے رہ گیا کیونکہ بیرونی سرمایہ کار نے پاکستان کی سیاسی اور معاشی بے یقینی کی وجہ سے اپنا ہاتھ روک لیا، میں نے ایک نجی بینک اور ایک کویتی شیخ کو تجویز پیش کی تھی کہ پاکستان میں چھوٹی بڑی ہاؤسنگ سوسائٹیاں تو بنتی رہتی ہیں، یہاں تک کہ بحریہ ٹاؤن اور DHA بھی محدود مقاصد کے لئے ہیں۔ میرا ارادہ New economic City بنانے کا تھا۔ پاکستان میں اب تک مکمل طور پر ایک نیا شہر صرف اسلام آباد ہی بنا ہے جو پبلک سیکٹر میں پورے پاکستان کا دارالحکومت بنا۔ اس کا رقبہ قریباً 3 لاکھ ایکڑ ہے لیکن اس میں رہائشی رقبہ 35000 ایکڑ پر مشتمل ہے۔ منصوبہ 30،000 ایکڑ اراضی پر اسلام آباد جیسی خاصیتوں کی زمین پر ایک مکمل شہر بنانا تھا۔ اس اراضی کی لوکیشن جی۔ ٹی روڈ جہلم میں واقع ہے۔ زمین پتھریلی، چھوٹی چھوٹی پہاڑیوں اور سرسبز خودرو جھاڑیوں اور درختوں کی حامل ہے۔ اس اراضی کو کویتی مشن کے اہل کاروں نے 3 سال قبل وزٹ بھی کیا تھا اس زمین کی کویتی دیناروں میں فزیبلٹی بنائی گئی چھوٹے بڑے سائز کے 70،000 پلاٹوں کے ساتھ، ایک انڈسٹریل زون، سولر بجلی، ایک سرکلر ریلوے، برساتی دریا جو اس رقبے میں بہتا ہوا دریائے جہلم میں جا گرتا ہے، اس کے پانی سے تفریحی جھیل۔ ڈزنی ورلڈ کی طرح تھیم پارک مشہور بین الاقوامی یونیورسٹیوں کے Campus۔ برانڈ ڈسکول، کرکٹ اسٹیڈیم بنانا اور شہر کی مکمل میونسپل خدمات پرائیویٹ سیکٹر کی تحویل میں دینے کا منصوبہ تھا۔ بالکل امریکہ اور یورپ کی طرح کاؤنٹی یا Borough کی طرح اس کا انتظام ہونا تھا۔ اس پراجیکٹ کی پاور پوائنٹ پر Presentation حکومتی ادارے Punjab Board of Investment کو دی گئی۔ جنوری فروری تک حالات بہت موافق تھے۔ پاکستان کے مشہور Consultants جو اربن ڈویلپمنٹ کے ماہر تھے، سولر بجلی کے ماہر تھے۔ انہیں Engage کرلیا گیا تھا۔ PBIT نے بھی اس پروجیکٹ کو ہاتھوں ہاتھ لیا۔ کاغذی تیاریاں مکمل ہو چکی تھیں۔ میں خوش تھا کہ میری بقیہ مختصر زندگی میں میرا ایک ایسا خواب پورا ہوگا جس میں پاکستانیوں کی چھوٹے مکانوں میں رہائش باعث افتخار ہوگی۔ میں نے اس شہر کی پلاننگ میں 50،000 چھوٹے پلاٹ تجویز کئے تھے اور انہیں Valancia Homes کی طرح باعث وقار بنانا تھا۔ 2.Agro farms اور ایک کنال کے پلاٹ بھی تجویز کئے گئے تھے۔ یہ شہر غریبوں کی بستی کے طور پر نہیں پہچانا جانا تھا، بلکہ یہ ہر طبقے کی آبادی ہوتی۔ اتنے بڑے شہر کی تعمیر سے Internal Employment کم از کم 2 لاکھ سے زیادہ تعمیری، انتظامی اور کمرشل شعبوں میں پیدا ہونی تھی۔ ابتدائی سرمایہ کاری 8 ارب درہم ہونا تھی، شہر کو مکمل طور پر پرائیویٹ سرمائے سے مکمل ہونا تھا، حکومت سے صرف Logistics میں مدد درکار تھی لیکن پاکستان میں دن بدن بڑھتی ہوئی سیاسی بے یقینی سے کویتی سرمایہ کار تو بالکل ہی نا امید ہوگیا اور لوکل بینک نے بھی احتیاط کا دامن تھام لیا۔ اب اگر پاکستان میں ہاؤسنگ کے شعبے کو ترقی دینی ہے تو نئے شہر آباد نہ ہو مناسب آبادی والے یعنی 5 لاکھ سے زیادہ آبادی نہ ہو۔ ملازمتیں خود بخود نکلیں گی۔ سرمایہ کاری پر 4-3 سو فیصد منافع 5-6 سال میں یقینی ہوگا۔ شائد پاکستان میں بھی Stability آجائے تو میرا یہ خواب بھی پورا ہو جائے۔ میری زندگی کے بعد ہی سہی۔

عمران خان کا کھرا سچ.....زندہ باد

مصطفیٰ کمال پاشا

سیاست میں سیاستدانوں کا کردار ہو یا اقتدار کے کھیل میں کھلاڑیوں کی کارکردگی ایمپائر کی انگلی کب اٹھتی ہے اور کیوں اٹھتی ہے، ایمپائر کب نیوٹرل ہوتا ہے اور کب وہ خود کھیل میں شامل ہوتا ہے، ایسی تمام باتوں کی ابتداء بارے جاننا ہو تو معروف بیوروکریٹ قدرت اللہ شہاب کی آپ بیتی شہاب نامہ پڑھنا مفید ثابت ہوگا۔ مزید سمجھنا ہو تو ایم خالد کی کتاب ایوان صدر میں گیارہ سال کا مطالعہ بھی اچھا ثابت ہوسکتا ہے۔ ایمپائر کی سوچ اور اس کے عمل کی حرکیات سمجھنی ہوں تو جنرل ایوب کی فرینڈز ناٹ ماسٹرز دیکھی جاسکتی ہے۔ جنرل مشرف کی آن دی لائن آف فائر بھی اس حوالے سے اچھی کتاب ہے۔ غیر ملکی صحافیوں آریانا فلاچی ایلیزا ڈنکن اور کرسٹینا لیمب کے انٹرویو ڈوسٹری، بریکنگ دی کرفیو اور وینگ فار اللہ (Interview with history, Breaking the Curfew waiting for Allah) مطالعہ تاریخ سیاست پاکستان کے طالب علموں اور تجزیہ نگاروں کے لئے کافی اچھا ثابت ہوسکتا ہے اور اگر پاکستان کی تاریخ کا جدید ورژن سمجھنا اور دیکھنا ہو تو عمران خان کا سیاست میں ظہور، عروج اور زوال جان لیں ہماری پوری قومی تاریخ اس میں سمٹی ہوئی نظر آئے گی اور اگر سیاست کو مروجہ اور جاری سیاست کی مختصر ترین تاریخ سمجھنی ہو تو ان کا حالیہ بیان "ساڑھے تین سال ذمہ داری میری اور حکمران کوئی اور تھا" پڑھ لیں اور اگر سمجھ آجائے تو یہی ہماری قومی سیاسی تاریخ ہے یہی ہمارے زوال کی داستان ہے۔ ناکامی کا بیان ہے، اقرار ہے۔ ان کے اس بیان بارے خوب بحث ومباحثہ ہو رہا ہے تنقید ہو رہی ہے۔ عمران خان پر طنز وتشنیع کے تیر چلائے جا رہے ہیں اور شاید ٹھیک ہی ہو رہا ہوگا لیکن اس بات اور اقرار کا ایک دوسرا مثبت پہلو بھی ہے عمران خان کے بیانات، بیانیے، گفتگو میں بحیثیت مجموعی اجماع ضدین بلکہ اجتماع افراد پر مشتمل کہلائی جاسکتی ہے۔ ان میں بہت زیادہ ربط وضبط تلاش کرنا شاید کار لاحاصل ہوگا ان کے بارے میں ان کے بیانات اور بیانیوں کے بارے میں حتمی انداز میں کچھ بھی کہنا ذرا مشکل ہوتا ہے وہ کبھی چیف الیکشن کمیشن کے بارے میں، ان کی تعریفوں کے پل باندھ رہے تھے لیکن پھر اچانک ان کے خلاف ہو گئے اور خلاف بھی ہوتے چلے گئے کبھی اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ ایک صفحے پر ہونے اور ان کے اعمال و کردار پر مہر تصدیق ثبت کرتے نظر آتے تھے اپنے فون ٹیپ ہونے کے بارے میں ان کی بڑی مثبت رائے تھی لیکن جب ان کی آڈیوز لیک ہونے لگیں تو ان کی رائے یکسر تبدیل ہوگئی۔ کبھی جنرل باجوہ کے بارے میں تعریف وتوصیف کے پل باندھتے پائے گئے لیکن پھر اس کے الٹ ہو گیا۔ چودھری پرویز الٰہی اور شیخ رشید کے بارے میں ان کے "تاریخی القابات" بھی ہمارے سامنے ہیں اور پھر شیخ رشید کو اپنا اتحادی بنانا اور چودھری پرویز الٰہی کو پنجاب کا چیف منسٹر بنوانا بھی ہمارے سامنے ہے۔ غرض عمران خان صاحب کے بارے میں کچھ بھی کہا جاسکتا ہے لیکن ان کا زیر نظر بیان بلکہ انکشاف ایک ایسا سچ ہے جس کی پشت پر ہماری 70/75 سالہ تاریخ کھڑی نظر آتی ہے انہوں نے بغیر لگی لپٹی (جاری ہے)

پلیز۔۔۔۔ہماری تدفین کردیجیے

نشتر ہسپتال کی چھت پر 500 بے کفن لاشوں کی فریاد

آسمان گرتا ہے، نہ زمین پھٹتی ہے۔
میری موت کے ساتھ کیا انسانیت بھی مرگئی ہے؟
اسلام کے علمبرداروں، مذہب کے ٹھیکیدارو،
مساجد کے پیریداروں، سنت نبوی صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم کے دعویداروں میری آواز پر سانپ
کیوں سونگھ گیا،
آنکھیں کیوں چرا رہے ہو؟
اب پیچھا کیوں چھڑا رہے ہو؟
ہم کس سے فریاد کریں؟

کس کا در کھٹکھٹائیں؟
ہماری بے گور وکفن معصوموں کو کیوں دفنایا نہیں گیا؟
کیا ہمارے نصیب میں اڑھائی گز لٹا اور تین فٹ زمین بھی نہیں تھی؟؟
لاشیں چیختی دکھائی دیتی ہیں۔
معصومیں بین کرتی سنائی دیتی ہیں مگر.....
کوئی توجہ نہیں دیتا، کسی کا دھیان ادھر نہیں،
نشتر ہسپتال کے آس پاس زندگی رواں دواں ہے، مال پلازے، شاپنگ سینٹرز، ٹریڈ سینٹرز، بینک، مارکیٹیں، آفس، اسکولز، یونیورسٹیاں، سب دنیاوی گہما گہمی کے سحر میں ڈوب کر دنیا داری میں مگن ہیں انہیں نہیں معلوم کہ سامنے والی بلڈنگ کی کھلی چھت میں انسانیت کا جنازہ نکل گیا ہے۔ موت بال کھولے رقص کرتی رہی اور پرندے لاشوں پر جھپٹتے رہے، گدھ اور کوے لاشوں کو نوچتے رہے،

نشتر اسپتال میں شرف انسانی کے ساتھ ساتھ مردوں کے حقوق کی بھی خلاف ورزی ہوتی رہی

یہ کون لوگ تھے کب مرے کیسے مرے اس کی بھی تصدیق نہیں نا ورا سے بھی بات نہیں ہوئی یہ

کہہ کر چھت پر پھینک دیا کہ لاوارث ہیں باقی کمرے میں ٹھونس دی گئیں۔ کم از کم 70 لاشوں اور باقیات کی اطلاع ہے کہ کی گدھ اور کوے نوچ چکے ہیں
لیکن اسپتال کے خونخوار گدھ اور مردہ خوروں کو کون بے نقاب کرے گا۔
نشتر اسپتال نے اپنی ساکھ کو داؤ پر لگادیا۔
لاوارث لاش کا مطلب یہ نہیں اس کا بھی حق ہے کہ اسے مکمل احترام اور رسوم کے بعد سپرد خاک کیا جائے

ملتان کے نشتر اسپتال میں لاوارث لاشوں کو ہسپتال کی چھت پر پڑی بے کفن لاشیں چیل کوؤں گدھوں، چوہوں کے نوچنے کے لیے پھینک دی گئیں
کیا کوئی مسلمان نا تھا اس ہسپتال میں؟
یہ بھی کسی کے بھائی کسی کے بیٹے کسی کے باپ ہونگے آنکھیں جن کی راہ دیکھتی ہونگی۔
آپ سے کچھ نہیں ہوسکتا تھا تو ایدھی کے حوالے ہی کردیتے وہ اجتماعی قبر میں ہی دفنا دیتے۔
شقاوت بے حسی بھی ختم ہے اس قوم پہ
پھر کہتے ہیں ساری افات سارے آزار
ہمارے لیے ہیں
ایسا ہسپتال کے ایم ایس کو سزائے موت دینی چاہیے یا دہشتگردی کا پرچہ ہونا چاہیے اس ڈاکٹر کے خلاف
جو ذمہ داران نے ان کو کڑی سزا دینی چاہیے حکومت کو ان کے خلاف کاروائی کرنی چاہیے سب بھائی آواز بلند کریں اور ان ڈاکٹرز اور جنہوں نے یہ کام کیا ہے ان کے خلاف لازمی کروائی ہو انہوں نے انسانیت کی تذلیل کی ہے۔۔۔

پنجاب کے شہر ملتان کے نشتر ہسپتال کی چھت سے لاشیں ملنے کے واقعہ پر وزیر اعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی نے نوٹس لیتے ہوئے تحقیقات کا حکم دیدیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے افسوسناک واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے ذمہ دار عملے کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ملتان کے نشتر اسپتال کی چھت پر کچھ لاشیں کھلے میدان میں اور کچھ کمرے میں پڑی ہیں۔
جن سے بے حد تعفن اٹھ رہا ہے لیکن واقعے سے متعلق اسپتال انتظامیہ کی جانب سے کوئی موقف نہیں دیا گیا۔ اسپتال انتظامیہ کی جانب سے لاشوں کو دفنائی نہیں گئی جبکہ خفیہ اطلاع ملنے پر وزیر اعلیٰ پنجاب کے مشیر طارق زمان گجر نے اسپتال کا دورہ کیا۔ قائم مقام وائس چانسلر نشتر میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر مہناز خاکوانی نے تحقیقات کے لئے تین رکنی تحقیقاتی کمیٹی قائم کردی ہے۔
دوسری جانب انتظامیہ کا موقف بھی سامنے آیا ہے جس کے مطابق نشتر ہسپتال کے ڈیڈ ہاؤس کی چھت سے 5 سو سے زائد لاوارث انسانی لاشوں کی باقیات برآمد ہوئی ہیں جس کے بعد میں ہسپتال میں شدید خوف وہراس پھیل گیا۔ سنگین غفلت کی نشاندہی چوہدری زمان گجر مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب نے ہسپتال کے دورے کے دوران کی تھی جس کے بعد ہسپتال انتظامیہ نے تحقیقات شروع کردی ہیں۔
شعبہ اناٹومی کے سربراہ کا موقف سامنے آیا ہے کہ لاوارث انسانی لاشوں کو پیوری فیکیشن کے عمل سے گزارا جاتا ہے جس کیلئے انہیں چھت پر رکھا جاتا ہے۔
پیوری فیکیشن کے عمل کے بعد لاش کی ہڈیوں کو طلباء وطالبات کو سکھانے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے اور ہڈیاں نکالنے کے بعد ہی لاشوں کی تدفین ایس او پیز کے مطابق کی جاتی ہے

☆☆☆☆☆

''قومی اداروں کیخلاف ہرزہ سرائی''

نسیم الحق زاہدی

امریکی صدر جو بائیڈن نے پاکستان کو دنیا کا خطرناک ترین ملکوں میں سے ایک اور پاکستانی قوم کو بھی خطرناک قرار دیکر دراصل ہماری 74 سالہ دوستی نہیں بلکہ اس کے ساتھ وفاداری اور تابع داری پر طمانچہ مار دیا ہے۔ امریکی صدر نے مزید ہرزہ سرائی کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے ایٹمی پروگرام کی کوئی تربیت نہیں۔ اور ہمارے ایٹمی اثاثوں کو غیر محفوظ قرار دیدیا، صدر بائیڈن اپنے خطاب کے دوران بھارت کے غیر محفوظ ایٹمی پروگرام کا ذکر تک نہیں کیا جس کا گذشتہ دنوں ایک میزائل پاکستانی سرحد میں آگرا تھا جو نہ صرف غیر ذمہ دارانہ عمل اور انتہائی غیر محفوظ ہے بلکہ اس کے ساتھ ساتھ بھارت کی جوہری ہتھیاروں کی حفاظت کے حوالے سے قابلیت پر بھی سوالات اٹھاتا ہے۔ نائن الیون کے بعد جس طرح پاکستان نے امریکہ کی نام نہاد دہشت گردی کی جنگ میں فرنٹ لائن اتحادی کا کردار ادا کیا اور جس کے نتیجے میں خودکش حملوں اور تخریب کاری کی شکل میں دہشت گردی کے بھیانک عذاب کی صورت میں سامنا کرنا پڑا جس میں ہماری سیکورٹی فورسز کے دس ہزار افسران اور جوانوں سمیت ملک کے 80 ہزار سے زائد شہریوں کی شہادتیں ہوئیں اور ہماری معیشت کو بھی 2 کھرب ڈالر کا نقصان برداشت کرنا پڑا۔ اتنی قربانیوں کے باوجود بھی ہمارے ساتھ امریکی تحفظات کا سلسلہ ہنوز جاری ہے۔ امریکہ کو افغانستان سے بے نیل ونامراد لوٹنا پڑا تو افغان سرزمین پر اپنی اس ناکامی کا ملبہ بھی پاکستان پر ڈالنے کی کوششیں شروع کردی ہیں اور اسی بات کو بنیاد بنا کر جو بائیڈن حکومت اب تک پاکستان کی حکومت سے تعلقات قائم کرنے سے گریزاں ہے اور نہ ہی جو بائیڈن نے عمران خان حکومت کے ساتھ کام کرنے میں کوئی دلچسپی دکھائی اور اب شہباز شریف حکومت کے ساتھ بھی امریکہ کا رویہ انتہائی سرد ہے۔ عالمی سامراجی قوتیں ایک عرصے سے پاکستان کو بدنام کرنے کی کوششیں کر رہی ہیں اور اسی وجہ سے پاکستان کا نام ایف اے ٹی ایف کی گرے لسٹ میں موجود ہے۔ 27 شرائط میں سے 26 پوری ہونے کے باوجود پاکستان کا نام گرے لسٹ میں سے نہ نکالنا مغرب کی منافقت کو آشکار کرتا ہے کہ کیسے پاکستان کو پروپیگنڈے کی بنیاد پر نشانہ بنایا جارہا ہے۔ درحقیقت پاکستان کا ایٹمی پروگرام اور اس کی جذبہ ایمانی سے لبریز پاک افواج دشمن کو کانٹے کی طرح چبھتی ہیں۔ 1987ء سے ہماری جوہری صلاحیت امریکی ہدف پر ہے، ہنود ویہود گٹھ جوڑ مسلسل (اللہ نہ کرے) اس کو سلب کرنے میں سرگرم عمل ہیں۔ "میں کھٹکتا ہوں دل یزداں میں کانٹے کی طرح" پاکستان کے ایٹمی پروگرام پر اس کا ہزار فیصد اطلاق ہوتا ہے۔ اب یہ کوئی امریکہ عالمی بدمعاش سے کوئی پوچھے کہ 1798ء سے آج تک کس ملک نے 469 مرتبہ فوجی مداخلتیں کی ہیں؟ کیونکہ سفیر کا کہنا تھا کہ کس ملک نے شہریوں پر ایٹم بم استعمال کئے؟ اور دوسروں پر غیر انسانی پابندیاں کون لگا رہا ہے؟۔ دراصل ہمیں ڈی نیوکلیئرائزڈ کرنا ہی دشمن کا ہدف ہے اور اس کیلئے مضبوط فوج کے پہرے کو ہٹانے کیلئے ڈی ملٹرائزیشن کی جائے گی۔ آج موجودہ خطرناک منظر نامہ اس کی عکاسی کر رہا ہے۔ پاکستان کو ایٹمی قوت کے اعزاز سے محروم کرنے کیلئے داخلی تصادم، لاقانونیت اور سیاسی عدم استحکام بھی حکمت عملی کا حصہ ہے، چنانچہ اس تناظر میں پاکستان کے قومی سلامتی و دفاعی اداروں کے کاندھوں پر بھاری ذمہ داری آن پڑی ہے۔ کیونکہ عالمی صیہونی اسٹیبلشمنٹ پاکستان میں عسکری وسیاسی اداروں کا ٹکراؤ چاہتی ہے اور سیاست دانوں کے ذریعے قومی دفاعی اداروں کو کمزور کرنا عالمی صیہونی ایجنڈہ ہے۔ قبل ازیں قومی ایٹمی اثاثوں پر تسلط کیلئے منصوبے کے مطابق یہاں شیعہ سنی فساد کروایا گیا اور اب سیاسی بنیادوں پر سیاسی وعسکری اداروں کو باہم الجھانے کی کی سازش تیار کی گئی ہے۔ تاکہ پاکستان کے دفاع کے ضامن ادارے داخلی تنازعات میں پھنس کر رہ جائیں۔ پاکستان میں سابق امریکی سینیٹر لیری پریسلر سے کون واقف نہیں یہ وہی ذات خبیث ہے جس کی پریسلر ترمیم نے پاکستان پر امریکی پابندیوں کی راہ ہموار کی تھی نے 1994ء میں دورہ بھارت کے موقع پر بھارت کے ایٹمی قوت بننے کی تعریف کی اور پاکستان کے خلاف اپنے خبث باطن کا اظہار ان الفاظ میں کیا تھا "پاکستان نے ایٹم بم بنایا تو پاکستانیوں کو یہ بم اپنی شاہراہوں، چوراہوں پر ہی پھوڑنا ہوگا" الحمدللہ، پاکستان ایٹمی قوت ہے۔ اس کے حوالے سے کمان اینڈ کنٹرول کی ساری دنیا معترف ہے۔ ملکی اداروں کے بارے میں غلط پروپیگنڈہ اور نعرے بازی قابل مذمت اور جمہوریت کی منافی عمل ہے۔ دراصل ٹویٹر، فیس بک سمیت تمام سوشل میڈیا پر قومی سلامتی کے اداروں کیخلاف جاری مذموم مہم سے دشمن کو ہی فائدہ پہنچایا جارہا ہے۔ ملک دشمن عناصر کے مذموم مقاصد یہی ہے کہ پاکستان کے ملکی وقومی سلامتی کے اداروں کو کمزور کرکے پاکستان کے ایٹمی پروگرام اور اثاثوں کو منجمد کرکے پاکستان کو بھارت کا تابع مہمل ملک بنا دیا جائے۔ سابق وزیر اعظم عمران خان نے اقتدار سے محرومی کے بعد عوامی جلسوں میں اپنے خطابات کے دوران قومی وملکی سلامتی کے اداروں کو ہدف تنقید بناتے ہوئے جو لب ولہجہ اختیار کیا ہے وہ وہ انتہائی عامیانہ ہے۔ پاک فوج جیسے اہم ادارے کے اند تقسیم اور پھوٹ ڈالنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ عساکر پاکستان کی تذلیل کا سلسلہ ہنوز جاری ہے۔ بلوچستان لبریشن آرمی کا پٹرجادثے کے بعد سوشل میڈیا پر پاک فوج کے شہدا کے خلاف ٹرولنگ کی گئی وہ انتہائی شرمناک ہے جبکہ دوسری جانب پاک فوج کے شہدا کے خلاف مذموم مہم پر ایف آئی اے کی تحقیقات میں یہ انکشافات منظر عام پر آئے ہیں جن کے مطابق کل 580 اکاؤنٹس کی چھان بین کی گئی، 178 اکاؤنٹس پر پی آئی کا جھنڈا یا نشان پائے گئے۔ 18 بھارتی اکاؤنٹس بھی شہدا کے خلاف مہم میں شامل تھے، شناخت شدہ اکاؤنٹس کی تعداد 168 اور جعلی اکاؤنٹس کی تعداد 238 ہے، 33 اکاؤنٹس دوسرے ممالک سے چلائے جارہے تھے۔ بے شک عمران خان کرسی، اقتدار کی چھینا جھپٹی میں مبتلا پھر ملکی سالمیت کو بھی داؤ پر لگانے سے باز نہیں آئے۔ یہ کیسی وطن سے محبت ہے اور یہ قوم کی کیسی رہنمائی ہے کہ ملک کے نوجوانوں کے ایک بڑے طبقے کو اپنے سیاسی مفادات کی خاطر اپنے ہی قومی سلامتی کے اداروں کے خلاف ورغلا کر آخر دنیا کو کیا پیغام دینا چاہتے ہیں؟۔ جلسوں میں قومی وحدت و پاکستانیت مخالف ذہن سازی کی جارہی ہے۔ آج وطن عزیز جن سنگین حالات سے دوچار ہے اور جس طرح سامراجی قوتوں کے عزائم کے تحت ایٹمی ٹیکنالوجی کی شکل میں موجود ہمارے دفاعی حصار میں نقب لگانے اور ساتھ ہی ساتھ قومی اتحاد ویکجہتی کو پارہ پارہ کرنے کی سازشیں جاری ہیں، انکے پیش نظر ہمیں پہلے سے بھی زیادہ چوکس، مستعد اور دشمن کی ہر سازش سے باخبر رہنے کی ضرورت ہے۔ افسوس! حکمران کرسی کے حصول کے تگ ودو میں مصروف ہیں تو دوسری جانب ہنود ویہود گٹھ جوڑ ہماری قومی سلامتی وسالمیت پر کاری ضرب لگانے کیلئے سرگرم عمل ہے۔

اللہ یہ تیرے.....بندے کدھر جائیں!

چوہدری خادم حسین

موسم میں تبدیلی کے آثار تو ہیں لیکن ایسے بھی نہیں، جیسے کبھی اکتوبر میں ہوتے تھے، ہمارے اس پنجاب کا یہ حال تھا کہ ستمبر سے پہلے مون سون کی بارشوں کے اختتام پر ہی راتیں ٹھنڈی ہونا شروع ہو جاتی تھیں اور وسط ستمبر تک سکولز اور موٹر سائیکل چلانے والوں کو ٹھنڈی محسوس ہوتی جبکہ رات کو اگر کمبل نہیں تو سوتی کھیس اوڑھ کر سونا ہوتا تھا کہ دن اور رات کے درجہ حرارت میں نمایاں فرق ہو جاتا اور پھر بتد

شال بقیہ 1

نے کہا کہ صوبائی حکومت نے متاثرہ علاقوں کے زمینداروں کی بحالی کیلئے 16 ارب روپے کی لاگت کے پروگرام کا آغاز کیا ہے جسکے تحت زمینداروں کو شمسی توانائی پمپوں اور کھاد پر سبسڈی دی جائیگی تاکہ انہیں اگلے برسوں پر دوبارہ سے کھڑا کیا جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت نے پروگرام کے لی معاونت پر وفاقی حکومت سے بھی درخواست کی ہے وزیراعلیٰ نے وزیراعظم سے اسکی جانب سے اعلان کردہ 10 ارب روپے کے فوری اجراء کی درخواست بھی کی وزیراعلیٰ نے بلوچستان کے سیلاب متاثرین کی بحالی کے لی وزیراعظم کی خصوصی دلچسپی پر انکا شکریہ بھی ادا کیا وزیراعظم نے متاثرہ اضلاع میں پینے کے صاف پانی صحت اور دیگر سہولتوں کی فراہمی کیلئے وزیراعلیٰ اور انکی ٹیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے زراعت کی بحالی کے پروگرام سمیت نقصانات کے ازالے کیلئے وفاقی حکومت کے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

شال بقیہ 2

کیلئے دو ماہ کا وقت دیا گیا تھا، اگست اور ستمبر کے بلی متاثرین سے نہیں لئے گئے، 25 ہزار روپے کی نقد رقم کیلئے 3900 سے زیادہ خاندانوں کی رجسٹریشن کر دی گئی ہے، یہ عمل تھوڑا سست ہے جس کیلئے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذمہ داران کو بھی یہاں بلایا گیا ہے۔ وزیراعظم کو بتایا گیا کہ سیلاب سے متاثرہ پانچ اضلاع میں مشینری کام کر رہی ہے، وبائی امراض کو روکنے کیلئے سپرے کیا گیا ہے، 11 ہزار 126 خاندانوں کو 25 ہزار روپے فی کس کی فراہمی کر دی گئی ہے۔ وزیراعظم کو بتایا گیا کہ فلڈ ریلیف کا کام 88 فیصد مکمل کر لیا گیا ہے۔ وزیراعظم کو بتایا گیا کہ ہاؤسنگ کے حوالہ سے معاوضہ کی تقسیم کا کام آخری مراحل میں ہے اس کیلئے اعداد و شمار ایک ہفتہ میں مکمل کر لئے جائیں گے۔ وزیراعظم نے اس موقع پر کاشتکاروں کو بیج کی فراہمی کے حوالہ سے آگاہ کیا کہ اس کیلئے 16 ارب روپے کا پلان بنا کر بھیج دیا گیا ہے، اس حوالہ سے 25 اکتوبر کو اسلام آباد میں اجلاس رکھا گیا ہے۔ وزیراعظم کو بتایا گیا کہ متاثرین میں ایک لاکھ سے زائد خیمے تقسیم کئے گئے۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ صحت پور کا علاقہ بلوچستان میں سیلاب سے بری طرح متاثر ہوا ہے، یہاں ہر طرف پانی کھڑا ہے، پانی کی سطح کم ہوئی ہے تاہم یہ ابھی تک موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرین میں 25 ہزار روپے کی تقسیم کا کام 86 فیصد تک مکمل ہو چکا ہے، پانچ ارب روپے تقسیم کئے جا چکے ہیں، اسی طرح ان علاقوں کے متاثرین سے 300 یونٹ تک کے اگست اور ستمبر کے بلی ان سے نہیں لئے جا رہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بیجوں کی تقسیم کا کام صوبوں کے ساتھ مل کر جلد شروع کریں گے، متاثرہ علاقوں میں پانی کھڑے ہونے پر تشویش ہے کیونکہ اس سے بیماریاں پھیل سکتی ہیں جس سے بڑے پیمانے پر نقصان کا خطرہ ہے، اس پانی کو نکالنے کیلئے انتظام کیا جائے، اس پر ماہرین مشینیں اور عملے کریں، اگر اسی طرح پانی کھڑا رہا تو اس سے بہت نقصان ہوگا، این ڈی ایم اے وزارت داخلہ، سندھ، بلوچستان سے رابطہ کر کے اس پانی کو نکالنے کیلئے اپنی توانائیاں صرف کرے۔ وزیراعظم کو بتایا گیا کہ پانچ فلٹریشن پلانٹ بھی پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے لگائے گئے ہیں جبکہ وزیراعظم کی ہدایت پر متاثرین کو پینے کیلئے منرل واٹر بھی فراہم کیا جا رہا ہے۔ وزیراعظم کو بتایا گیا کہ پٹ فیڈر کینال کو مکمل طور پر مرمت کر دیا گیا ہے، تین ہزار ایکوا ٹیبلٹ اور 70 ہزار مچھر دانیاں تقسیم کی گئیں، ملیریا کی شرح 80 فیصد تک پہنچ گئی تھی تاہم اب اس میں نمایاں کمی آئی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ متاثرین کو ریلیف اور گیموں کی تقسیم کے حوالہ سے کسی قسم کی شکایات نہیں آنی چاہئیں۔ وزیراعظم کو کمشنر نے بتایا کہ پٹ فیڈر کینال کے ساتھ نالہ آب کا نظام بھی موجود ہے جس کے ذریعے یہ کھڑا پانی نکالا جائے جہاں بھی شگاف پڑے تھے انہیں بند کر دیا ہے، ماڈل سکول کی جگہ سے پانی نکال دیا گیا ہے۔ وزیراعظم نے انہیں ہدایت کی کہ اس سکول کا منصوبہ ایک ماہ میں مکمل کیا جائے۔ اس موقع پر وزیراعظم کے ہمراہ وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو اور بی این پی کے رہنما اختر مینگل بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 3

ایم اے، سیلٹری داخلہ کو امن و امان اور سیلاب سے متعلق اٹھائے گئے اقدامات پر اراکین اسمبلی کو بریفنگ دینے کیلئے آئندہ اجلاس میں طلب کر لیا، بلوچستان کمرشل کورٹس کا مسودہ قانون متعلقہ قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔ پیر کو بلوچستان اسمبلی کا اجلاس دو گھنٹے کی تاخیر سے ڈپٹی بلوچستان اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل کی زیر صدارت شروع ہوا۔ اجلاس میں بی این پی کے پارلیمانی لیڈر ملک نصیر احمد شاہوانی نے ایوان کی توجہ بلوچستان اسمبلی کے سامنے دھرنے پر بیٹھے فزیوتھراپسٹس کی جانب مبذول کراتے ہوئے کہا کہ فزیوتھراپسٹس ایسوسی ایشن بلوچستان اپنے مطالبات کیلئے گزشتہ کئی ماہ سے احتجاج پر ہیں گزشتہ دنوں ریڈ زون کے سامنے احتجاجی دھرنے پر بیٹھے 25 کے قریب فزیوتھراپسٹس اور طلباء کو گرفتار کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انکی گرفتاری جمہوری روایت میں وزراء مسئلے کا حل نکالیں انہوں نے ڈپٹی اسپیکر سے استدعا کی کہ وہ دھرنے پر بیٹھے فزیوتھراپسٹس سے مذاکرات کیلئے ایوان میں کمیٹی بنائیں۔ پشتونخوا میپ کے رکن اسمبلی نصر اللہ زیرے نے کہا ہے کہ 25 کے قریب فزیوتھراپسٹس کو گرفتار کر کے ان کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ حکومتی وزراء فزیوتھراپسٹس کے خلاف درج مقدمہ واپس لے کر انکے مطالبات منظور کریں۔ صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری نے کہا کہ فزیوتھراپسٹس سے ملاقات میں وزیراعلیٰ نے انکے مطالبات کے تحت محکمہ صحت کو دو سو آسامیوں کی تخلیق کیلئے مراسلہ ارسال کیا ہے میں اور نصر اللہ زیرے بھی فزیوتھراپسٹس سے مذاکرات کیلئے گئے مگر وہ بضد تھے کہ ٹوئیلیٹیشن جاری ہونے تک وہ دھرنا ختم نہیں کریں گے۔ رکن صوبائی اسمبلی میر عارف محمد حسنی نے کہا کہ حکومت فزیوتھراپسٹس کو اسمبلی طلب کر کے ان سے بات چیت کرے، ڈپٹی اسپیکر نے حکومتی اراکین پر مشتمل 4 رکنی وفد کو فزیوتھراپسٹس سے مذاکرات کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے سیکرٹری اسمبلی کو ہدایت کی کہ وہ احتجاج پر بیٹھے فزیوتھراپسٹس کے نمائندوں کو ڈپٹی اسپیکر کے چیمبر میں طلب کریں تاکہ ان سے بات چیت کی جاسکے۔ پشتونخوا میپ کے رکن اسمبلی نصر اللہ زیرے نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال روز بروز بدتر ہوتی جارہی ہے۔

شال بقیہ 4

ساتھ ساتھ عوام کی سیاسی شمولیت اور ان کے اختیارات میں اضافہ کرنا ہوگا۔ صدر نے کہا کہ غربت کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر غربت اور اس کی تمام شکلوں کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں، پاکستان غربت کے خاتمے، عوام کی ترقی و خوشحالی اور پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کیلئے اپنی کاوشیں جاری رکھے گا۔ ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ غربت اور افلاس بنیادی انسانی حقوق کے خلاف ہے، سیلاب اور دیگر قدرتی آفات غربت میں اضافے کی بڑی وجہ ہیں، حالیہ سیلاب کی وجہ سے پاکستان میں غربت کی شرح میں اضافے کا خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان غربت کے خاتمے، زمین اور ماحول کے تحفظ کے اصولوں پر کاربند رہے گا، ماحولیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے پاکستان جیسے ترقی پزیر ممالک کے مسائل میں اضافہ ہوا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ سیلاب کے پیش نظر عالمی برادری کو اپنی ذمے داریوں کا احساس کرنا ہوگا، پاکستان نے غربت کے خاتمے کیلئے مختلف پروگرام شروع کئے۔ صدر مملکت نے کہا کہ غربت کے خاتمے کیلئے نیشنل رورل سپورٹ پروگرام، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام/احساس پروگرام، صحت کارڈ جیسے مختلف اقدامات لئے گئے، پاکستان مستقبل میں بھی غربت کے خاتمے کیلئے اقدامات کرتا رہے گا۔

شال بقیہ 5

ہیں کہ انتخابات شفاف طریقے سے ہوئے ہیں۔ مسلم لیگ ن نے پہلے کے مقابلے میں زیادہ ووٹ حاصل کئے ہیں۔ عمران خان نے چیف الیکشن کمشنر کے خلاف پراپیگنڈا کیا، غیر جانبدارانہ الیکشن کرانے پر الیکشن کمیشن مبارکباد کا مستحق ہے۔ ضمنی الیکشن میں پی ٹی آئی نے 5 لاکھ 45 ہزار ووٹ حاصل کیے جبکہ پی ڈی ایم کے امیدواروں نے 4 لاکھ 75 ہزار ووٹ حاصل کیے۔ رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ عمران خان کو ووٹ لینے کے بعد 4 لاکھ 75 ہزار ووٹرز کا بھی احترام کرنا ہوگا، ووٹ کو عزت دینا ن لیگ کا نعرہ ہے اور اس سے مراد اسے ممبر نہ کیا جائے۔ ہم کرکٹ کے میدان سے پارلیمنٹ میں داخل نہیں ہوئے، ہم نے ساری زندگی جیلیں کاٹی ہیں۔

شال بقیہ 6

آغاز کیا جائے گا اس سال چاول کی فصل کو بہت بڑا نقصان ہوا ہے جس کی وجہ سے مزدور طبقہ سخت متاثر ہوا ہے کوشش کریں گے کہ ان کی بحالی کیلئے کوئی راستہ نکالیں اور تاکہ ضلع میں ریلیف کیلئے اقدامات کر رہے ہیں 2010 سے زیادہ تباہی ہوئی ہے بلوچستان کے 32 اضلاع متاثر ہوئے ہیں پورا علاقہ پانی کے تالاب کا منظر پیش کر رہا ہے مال مویشی مر گئے ہیں لوگ ابھی تک سیف اللہ گھمی کینال پر بیٹھے ہوئے ہیں ان کے گھر گر گئے ہیں اور وہاں ابھی پانی کھڑا ہے بہت سکول بند ہیں اور ان کی چھتیں گر رہے ہیں لوگ خوف کی وجہ سے بچوں کو سکول نہیں بھیج رہے ہیں۔

شال بقیہ 7

کی 31 اکتوبر تک عبوری ضمانت منظور کی تھی۔ کل ازیں عمران خان نے منوحہ فنڈنگ کیس میں اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست ضمانت دائر کی۔ چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کی جانب سے منوحہ فنڈنگ کیس میں ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواست دائر کی گئی۔ عمران خان کے وکلا نے ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواست دائر کی جس میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ ایف آئی اے کو گرفتاری سے روکا جائے۔ یاد رہے کہ منوحہ فنڈنگ کیس میں اسلام آباد ہائیکورٹ نے عمران خان کی کل تک حفاظتی ضمانت منظور کر رکھی ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے منوحہ فنڈنگ کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی 18 اکتوبر تک حفاظتی ضمانت منظور کی۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان اسلام آباد ہائی کورٹ میں پیش ہوئے، جہاں اسلام آباد ہائی کورٹ نے 5 ہزار روپے کے ضمانتی مچلکوں کے عوض عمران خان کی 18 اکتوبر تک حفاظتی ضمانت منظور کی، دوران سماعت چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ اطہر من اللہ نے ریمارکس دیے کہ یہ عدالت عمران خان کو حفاظتی ضمانت دے رہی ہے۔

شال بقیہ 8

کام کر رہا ہے، اب تک سیلاب سے بحالی پر 99 ارب روپے لگائے جا چکے ہیں اور مزید کام جاری رہیگا۔ پاکستانی سفارت خانے میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنی سیاست بچانے یا ریاست بچانے میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا تھا اور ہم نے ریاست کو بچانے کا انتخاب کیا، ہم جانتے تھے کہ اس فیصلے کے ہماری سیاست پر منفی نتائج ہوں گے۔ ضمنی انتخاب کے نتائج پر اظہار خیال کرتے ہوئے اسحق ڈار نے کہا کہ جو جماعتیں اس حکومت میں شامل ہیں وہ تحریک عدم اعتماد پیش کرنے کے نتائج سے آگاہ تھیں لیکن اس کے باوجود انہوں نے ایسا کیا کیونکہ یہ جماعتیں اگر ایسا نہ کرتیں تو اس کے پاکستان کیلئے تباہ کن نتائج ہوتے، انہوں نے کہا کہ گزشتہ حکومت کو جاری رہنے دینا سیلاب سے بھی بدتر ہوتا۔ یہ پوچھے جانے پر کہ کیا پاکستان کے جوہری پروگرام سے متعلق صدر جو بائیڈن کے بیان سے عمران خان کی انتخابی مہم کو تقویت ملی وزیر خزانہ نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کہہ چکے ہیں کہ ملک میں مضبوط کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم موجود ہے اور امریکی حکام بھی اکثر اس بات کا اعتراف کرتے ہیں لیکن جب کوئی سیاست دان جیسے کہ عمران خان جو خود وزیراعظم رہ چکے ہیں جب اس طرح کی بات کرتے ہیں کہ میرے دور میں جوہری پروگرام اچھا تھا لیکن اب نہیں تو پھر دنیا اسی طرح کا ردعمل ظاہر کریگی، آپ کو اس کی مذمت کرنی چاہیے، وہ بہت گرتی ہوئی سیاست کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 9

نے کہا کہ پی ٹی آئی 8 میں سے 2 مزید سیٹیں ہار کر عمران خان پارلیمنٹ اور حکومت کو ڈکٹیٹ نہیں کر سکتے۔ سڑکوں پر یلغار اور وفاقی دارالحکومت پر حملہ کر کے حکومت نہیں گرائی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بدلنے کیلئے 172 ارکان کی اکثریت ثابت کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ 6 سیٹیں جیت کر آپ کو اسلام آباد پر یلغار کا لائسنس نہیں مل جاتا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے 8 سیٹوں پر الیکشن لڑ کر پی ٹی آئی کی 8 سیٹیں گم کر دیں، حکومت کی تبدیلی کا طریقہ اسلام آباد پر جتھوں کے ذریعے یلغار کرنا نہیں۔ مریم اورنگزیب نے سوال کیا کہ ہوسلوگی فراڈ کیا آج بھی پریس کانفرنس میں چیف الیکشن کمشنر سے استعفیٰ مانگے گا؟ فارن ایکٹ کیا آج بھی نیوز لارز کے خلاف تقریر کریگا؟ توشہ خانہ کا چور کیا آج بھی مسٹر ایکس اور مسٹر وائے کا نام لے گا؟ فارن فنڈ کیا آج بھی چیف الیکشن کمشنر کو گالی، دھمکی اور الزامات کا نشانہ بنائے گا؟ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی دن میں پارٹی بن چکی ہے، جس کے پاس کوئی امیدوار نہیں۔

شال بقیہ 10

کی منظوری دی گئی۔ اس موقع پر چیف الیکشن ڈیزائن محکمہ مواصلات و تعمیرات سجاد بلوچ اور محکمہ مواصلات و تعمیرات کے اعلیٰ حکام کے علاوہ محکمہ خزانہ اور محکمہ پی اینڈ ڈی کے نمائندے نے شرکت کی۔ اجلاس میں صوبہ بلوچستان کے مختلف اضلاع کے روڈز اور بلڈنگ سیکٹرز کی مختلف اسکیمات پر پیشرفت سے متعلق تفصیلی جائزہ بھی لیا گیا۔ اس موقع پر صوبائی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات علی اکبر بلوچ نے کہا کہ صوبے میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں پر معیار اور شفافیت اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ موثر اور مضبوط انفراسٹرکچر ہی بلوچستان کی ترقی کا ضامن ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت کی یہ اولین ترجیح ہے کہ صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات سردار عبدالرحمٰن کھیتران کے یہ واضح ہدایات ہیں کہ صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں میں سست روی نہیں ہونی چاہیے، تمام ترقیاتی منصوبے اپنے وقت مقررہ پر مکمل ہونے چاہیے۔ سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار کو مزید تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ متعلقہ منصوبوں کو جلد مکمل کیا جائے تاکہ صوبے کے عوام ان منصوبوں کے ثمرات سے مستفید ہونے کے ساتھ ساتھ ترقی کے عمل کو آگے بڑھایا جائے۔

شال بقیہ 11

تحقیق صلاحیت بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نے کہا کہ سی پیک کا اصل مقصد پاکستان میں صنعتی شعبے کو فروغ دینا ہے، نیشنل اکنامک زونز کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لئے چین کا تعاون قابل ستائش ہے، وزیراعظم کی ہدایت پر گوادر میں بجلی کی ٹرانسمیشن لائنز پر تیزی سے کام جاری ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ دسمبر میں ایران سے اور اگلے سال مارچ میں نیشنل گرڈ سے گوادر کو بجلی کی ترسیل شروع کر دی جائے گی، بلوچستان کی خوشحالی گوادر کی ترقی سے پیوستہ ہے توانائی کے شعبہ میں خود انحصاری سے معیشت میں استحکام آئے گا۔

شال بقیہ 12

بھول 35 طالبات اور ٹیچر ممبران نے ایک دن کے لئے ایف سی ہیڈ کوارٹرز تربت کا دورہ کیا جہاں آفیسرز اور طلباء کے درمیان کھیلوں اور تفریح کی مختلف سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا۔ آفیسرز اور طلباء کے درمیان کرکٹ میچ ہوا جو طلباء کی ٹیم نے جیت لیا۔ کرکٹ کے علاوہ بہت سے دیگر تفریحی ایونٹ منعقد کئے گئے جن سے مہمان نوجوان بہت خوش ہوئے۔ دن کے اختتام پر طلباء بلوچی چاپ اور پشتو اٹن سے بھی محظوظ ہوئے۔ تقریب کو طلباء کی طرف سے بہت پذیرائی ملی اور انہوں نے کہا کہ اس طرح کی ملاقاتیں ایک دوسرے کو بہتر سمجھنے میں بہت مفید رہتی ہیں۔

شال بقیہ 13

بڑھ رہی ہے اور اس وحدت میں سب سے بڑا مسئلہ دنیا میں رہنے والے تمام انسانوں کے عقائد و نظریات کیلئے یکساں گنجائش پیدا کرنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بشپ فریڈرک جون کے دعوت پر بشپ ہاؤس کوئٹہ میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کا موجودہ کردار شہنشاہیت کا ہے جبکہ اپنے ساخت کے لحاظ سے اس ادارے کو جمہوری بنیادوں پر دنیا کے تمام انسانوں کی نمائندگی کرنی چاہیے تھی اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے چارٹر کے آرٹیکل نمبر 18 کے تحت مذہبی آزادی کو ہر فرد کا بنیادی حق تسلیم کیا گیا ہے چونکہ حکومت بھی ایک ادارہ اور قانونی فرد شمار ہوتا ہے، لہذا ہمارا موقف یہ ہے کہ ایک ادارے کو دوسرے ادارے پر اپنی مرضی مسلط کرنے کا حق نہیں ہونا چاہیے۔

شال بقیہ 14

ریلی، میر یوسف علی زہری، زینت شاہوانی کی رخصت کی درخواستیں پیش کی گئیں جنہیں ایوان نے منظور کر لیا۔

شال بقیہ 15

پر ضروری ترقیاتی کاموں اور مرمت کے سلسلے میں 18 اور 19 اکتوبر کو (روزانہ) سریاب گرڈ اسٹیشن کے سریاب ون، سریاب ٹو، جڑ سا، دلدار کاریز، واسا، لیاقت بازار، جائنٹ روڈ، خیر بخش مری، گرانی اور ہزار ٹاؤن فیڈروں سے دن 30:11 بجے سے شام 4 بجے تک جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے عالم خان، مالک، نواں کلی فیڈرز اور شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے جبل نور، ویسٹرن ہائی پاس، کنڈی، داریم، دوستین، ثروت آباد، ایئر پورٹ فیڈروں سے دن ایک بجے سے شام 5 بجے تک بجلی بند رہے گی نیز اسی روز مری آباد گرڈ اسٹیشن کے مری آباد، سید آباد، طوغی روڈ کانسی ون، کانسی ٹو فیڈروں سے دن 12 بجے سے شام 4:30 بجے تک بجلی بند ہو گی۔ اسی طرح 18 اکتوبر کو (بروز منگل) انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے پشتون آباد ایکسپریس فیڈر سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک جبکہ نوشکی گرڈ سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہے گی۔

شال بقیہ 16

گیا ہے کہ سوئی سدرن گیس کمپنی نے موسم سرما کے آغاز میں ہی صارفین کو ذہنی کوفت کا شکار بنا دیا ہے کوئٹہ شہر و مضافات میں گیس نہ ہونے کے باعث صارفین کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، کوئٹہ، پشین، زیارت، مستونگ کے عوام کو گیس سے مکمل طور پر محروم رکھا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں مخصوص اوقات میں انتہائی کم پریشر کے ساتھ گیس چھوڑ دیا جاتا ہے اور اس کے علاوہ گیس مکمل طور پر بند رہتی ہے، صبح، دوپہر، شام، رات کے اوقات میں صارفین کو ناشتہ، کھانا و دیگر ضروریات کیلئے جب بھی گیس کی ضرورت ہو انہیں گیس میسر نہیں۔ سوئی سدرن گیس کمپنی عوام کو خود کمپریسر جیسے مشینری جو کہ غیر قانونی طور پر استعمال کیئے جا رہے ہیں کی خریداری پر مجبور کر رہی ہے جس کے باوجود بھی گیس نہیں۔ اور دوسری جانب ایندھن کے دیگر ذرائع ایل پی جی گیس، خشک لکڑیاں، مٹی کے تیل کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں اور انہیں خریدنا بھی غریب عوام کے بس میں نہیں رہا۔

شال بقیہ 17

میں اپنا ووٹ چیک کرنے کے بعد اپنے ووٹ کا اخراج، تصحیح اور نیا اندراج بھی کروا سکتے ہیں۔ اسی طرح ضلع کوئٹہ میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (اے آر او) کے دفتر کو بھی "فارم سبمیشن سینٹر" بنایا گیا ہے۔ وہاں پر مناسب تعداد میں فارم نمبر 21 برائے ووٹ اندراج و تبدیلی، فارم 22 برائے ووٹ اخراج و اعتراض اور فارم نمبر 23 برائے درستگی کوائف و ووٹرلسٹ رکھوا دیے گئے ہیں۔ تمام شہریوں سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ ضلعی الیکشن کمشنر کوئٹہ کی طرف سے قائم شدہ اپنے گھر کے قریب ترین واقع مندرجہ بالا سینٹرز پر اپنے ووٹ کے اندراج، تصحیح و اخراج کیلئے فارمز جمع کروائیں اور اپنے بروقت ووٹ کے اندراج کو یقینی بنائیں۔ نیز ہر وہ مرد یا عورت جنکا کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ بنا ہوا ہے، اپنا ووٹ اندراج کروا سکتا ہے کیونکہ ہمارا ووٹ ہمارا حق بھی ہے اور ہماری قومی ذمہ داری بھی۔

شال بقیہ 18

ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری زندگی میں حکومت کے ہونے نہ ہونے سے کچھ نہیں فرق پڑتا۔ انہوں نے کہا کہ بائی لیک عبارت پروگرام کو ہم نے 1 لاکھ سے بڑھا کر 10 لاکھ تک کرنا تھا، وہ پروگرام وہیں رہ گیا اور عدم اعتماد آ گئی۔ یہ ٹھیک ہے کہ 2023 میں عمران خان پھر وزیراعظم بنیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان وزیراعظم بنے تو ہم یہ پروگرام دوبارہ شروع کریں گے، 2020۔21 میں آئی ٹی سیکٹر کی برآمدات میں 47 فیصد بڑھیں۔ انہوں نے کہا کہ پنڈی میں پڑھنے والی بچی نیویارک اور لندن کے بچوں کا مقابلہ کر سکتی ہے، بچیوں کے والدین کو زیادہ گھر رہتے ہی ہوتی ہے۔

شال بقیہ 19

واضح ایف آئی اے حکام کو ہدایت تو جاری کریں جس پر عدالت نے عدالتی عملہ کو ایف آئی اے حکام سے بات کر کے اعظم جلد پیش کرنے کی ہدایت کر دی بعد ازاں ایف آئی اے حکام نے اعظم سواتی کو سخت سکیورٹی میں عدالت پیش کرتے ہوئے مزید جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی، اس موقع پر سینیٹر وسیم شہزاد، بابر اعوان ایڈووکیٹ نے کہا کہ اعظم سواتی کے مزید جسمانی ریمانڈ کی استدعا کو مسترد کی جائے۔

شال بقیہ 29

اور رہنماں نے شکست کی ذمہ داری مریم نواز، حمزہ شہباز اور پارٹی قیادت پر عائد کر دی۔ لیگی رہنماں نے گلہ کیا کہ ملتان میں موسیٰ گیلانی بڑی لیڈ سے جیت گئے ہیں تو ن لیگ بھی جیت سکتی تھی۔ عمران خان نے 50 سے زائد جلسے کئے، ہماری قیادت نے انتخابی مہم میں حصہ نہیں لیا۔ مریم نواز مہم چلانے کے بجائے لندن چلی گئیں اور حمزہ شہباز گھر سے ہی نہیں نکلے، رہنما اپنی ذات تک محدود اور وفاقی وزرا کارکنوں کو اہمیت نہیں دیتے۔ ذرائع کے حوالہ سے بتایا گیا کہ رہنماں کے گلے شکوں سے نواز شریف کو آگاہ کر دیا گیا۔ نواز شریف نے شکست کے اسباب جاننے کیلئے ٹیکنیکل فائنڈنگ کمیٹی بنا دی۔ واضح رہے کہ ضمنی انتخابات میں پاکستان تحریک انصاف قومی اسمبلی کی 8 نشستوں میں سے 6 پر کامیاب ہوئی، پیپلز پارٹی نے 2 نشستیں حاصل کیں۔

شال بقیہ 30

کوئٹہ کا حکومت اور صنعت و تجارت سے وابستہ افراد کے درمیان پل کا کردار ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران و ممبران کے ساتھ منعقدہ اجلاس کے دوران کیا، اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر انڈسٹریز اینڈ کامرس آصف نواز بھی موجود تھے۔ اس سے قبل چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر حاجی عبداللہ اچکزئی، سینئر نائب صدر حاجی آغا گل خلجی، نائب صدر سید عبدالاحد آغا و دیگر ممبران نے سیکرٹری انڈسٹریز بلوچستان کی توجہ صوبے میں بوستان اسپیشل اکنامک اور دیگر منی انڈسٹریل زونز کی صورتحال کی جانب مبذول کرائی اور بتایا کہ بوستان اکنامک زون میں انڈسٹریز لگانے کے باوجود بھی وہاں درکار سہولیات دستیاب نہیں ہیں۔ انہوں نے بجلی، گیس اور امن و امان کی صورتحال پر اقدامات اٹھانے اور اس بابت جنگی بنیادوں پر کام کرنے پر زور دیا اور کہا جب تک صنعتوں کو بلا تعطل بجلی اور گیس کی فراہمی ممکن نہ بنائی جائے، اس وقت تک صوبے میں انڈسٹریز کے شعبے کی ترقی سست رفتار ہوگی۔ انہوں نے ہمسایہ ممالک ایران اور افغانستان کے ساتھ نئے بزنس گیٹس اور کراسنگ پوائنٹس کی بحالی پر زور دیا اور کہا کہ نئے بارڈر مارکیٹ اور اسپیشل زونز کے سلسلے میں جاری اقدامات کو مزید تیز کیا جائے۔ انہوں نے بلوچستان میں فرنس اینڈ دیگی ٹیبل پروسیسنگ پلانٹ کے قیام کو بھی وقت کی اہم ضرورت قرار دیا اور کہا کہ ہمیں امید ہے اس بابت سیکرٹری انڈسٹریز اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

شال بقیہ 31

کی پالیسیوں سے ملک دیوالیہ ہو چکی ہے توانائی کے محصولات میں مزید اضافی ٹیکس، پیٹرولیم مصنوعات اور توانائی پر سبسڈی ختم کرنے، مختلف ٹیکسز میں اضافے، اداروں کی نجکاری سے عوام کا استحصال کیا گیا ملک قرضوں کے مزید بوجھ تلے دبتا چلا جا رہا ہے اور معیشت کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا انہوں نے کہا کہ حکمران نے استحصالی پالیسیوں سے قوم کی خون کو نچوڑا تو اس کی نتائج بھی بھگت رہی ہے۔

شال بقیہ 32

پولیس لائن ہیڈ کوارٹر کوئٹہ، ایس ایچ او تھانہ خالق شہید عبدالغفور کو ایس ایچ او شہید منظور ترین تھانہ تعینات کیا گیا۔

شال بقیہ 33

نیشنل پارٹی (مینگل) کے سربراہ نواب اختر مینگل کی رہائش گاہ پر گئے اور ان کے بچا کے انتقال پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اور لواحقین کیلئے صبر و جمیل کی دعا کی۔

شال بقیہ 34

دیگر بلڈنگز کے کام ادھورے پڑے ہوئے ہیں ان کاموں کو کافی عرصہ پہلے اختتام کرنا تھا لیکن سیلاب کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ان کو سیلاب کی نظر کرنا چاہتے ہیں جس سے عوام میں بے چینی بڑھتی جا رہی ہے اربوں روپے کے منصوبے کاغذوں میں جذب کرنا چاہتے ہیں عوام کے پیسوں سے یہ منصوبے بنتے ہیں لیکن یہاں کے افسران اور ٹھیکیدار مال غنیمت سمجھ کر ہڑپ کرنا چاہتے ہیں جو یہاں کی عوام کے ساتھ زیادتی کے مترادف سمجھا جائے گا اور ڈگری کالج مانجھی پور کی ایک ایکسٹینشن ریٹائرمنٹ سے دو دن پہلے ایڈوانس تقریباً دو کروڑ کی مالیت کر کے فارغ ہو گئے لیکن اس ڈگری کالج کی جگہ پر ایک اینٹ تک نہیں اتاری گئی اور وہاں کے طلباء، ایک گورنمنٹ ہائی سکول کی عمارت میں عارضی طور پر تعلیم حاصل کر رہے ہیں جو سراسر ظلم ہے۔ نیب بلوچستان معزز عدالت کمشنر نصیر آباد چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز صاحب دیگر ارباب اختیار اداروں سے عوامی سماجی حلقوں کی التجا ہے کہ مضمون کو مکمل کرانے اور شفاف تحقیقات کرانے کا مطالبہ کرتی ہے۔

شال بقیہ 35

کے لیے اقدامات کی اہم ضرورت ہے انھوں نے کہا کہ مجھے افسوس یہ ہوا کہ وفاق کی جانب سے کوئی خاطر خواہ کوئی امداد کے حوالے سے اقدامات نہیں کیے گئے جو ان کو کرنے تھے اس سلسلے میں ہم نے سینٹ میں بھی آواز بلند کی ہے اور اسلام آباد کے حکمرانوں کے ضمیر کو جھنجھوڑا ہے آپ روزانہ سنتے ہوگے کہ روزانہ غیر ملکی امداد آ رہی ہے اور غیر ملکی امدادوں کے جہاز بھر بھر کر آ رہے ہیں اور کافی پیش امداد بھی آ رہی ہے مگر اس امداد کا بلوچستان میں کوئی نام و نشان نہیں ہے جو بیرون ملک سے سیلاب متاثرین کے لیے امداد آ رہی ہے اس سلسلے میں ہم نے ک

عوام کو سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجہ کی مفت سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، نور محمد دمڑ

ڈاکٹرز اور سٹاف مریضوں کی علاج معالجہ اور مفت طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے، سینیئر صوبائی وزیر حاجی

سول ہسپتال کوئٹہ کو فعال بنانے کیلئے موجودہ حکومت نے بھرپور اقدامات اٹھائے ہے تاکہ صوبے کے دور دراز سے آئے ہوئے غریبوں مریضوں کو مفت طبی سہولیات میسر ہو سکے

کوئٹہ (پ ر) بی اے پی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سینیئر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ عوام کو سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجہ کی مفت اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے ڈاکٹرز اور سٹاف مریضوں کی علاج معالجہ اور مفت طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے سول ہسپتال کوئٹہ کو فعال بنانے کیلئے موجودہ حکومت نے بھرپور اقدامات اٹھائے ہے تاکہ صوبے کے دور دراز سے آئے ہوئے غریبوں مریضوں کو مفت طبی سہولیات میسر ہو سکے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سول ہسپتال کوئٹہ ٹراما سنٹر کا معائنہ کیا ٹراما سنٹر پہنچنے پر ڈائریکٹر ٹراما سنٹر و دیگر سینیئر ڈاکٹرز نے سینیئر صوبائی وزیر کو ٹراما سنٹر میں زیر علاج مریضوں کو دی جانے والے طبی سہولیات سمیت ٹراما سنٹر بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

نوکنڈی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کا نوکنڈی پہنچنے پر مقامی رہنما استقبال کر رہے ہیں

دین کا علم حاصل کرنا ہر مسلمان کیلئے ضروری ہے، علامہ محمد الیاس عطار قادری

فرض علوم کے بارے میں معلومات حاصل کریں، دین کے اعتبار سے ضروری علم حاصل کریں

یہاں تک کہ کفریہ کلمات کے بارے میں بھی علم کا سیکھنا ضروری ہے، امیر اہل سنت

کوئٹہ (آن لائن) امیر اہل سنت حضرت علامہ محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ نے کہا ہے کہ دین کا علم حاصل کرنا ہر مسلمان کیلئے ضروری ہے، فرض علوم کے بارے میں معلومات حاصل کریں، دین کے اعتبار سے ضروری علم حاصل کریں، یہاں تک کہ کفریہ کلمات کے بارے میں بھی علم کا سیکھنا ضروری ہے، ایمان باقی رکھنے کیلئے کیا کیا ضروری ہے اس کا علم اگر نہیں ہوگا تو اندیشہ ہے کہ ایمان سے نہ نکل جائے اور ہمیں پتا بھی نہ چلے۔ ان خیالات کا بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

جسٹس مسکانزئی کی شہادت کسی المیہ سے کم نہیں، افغان قومی موومنٹ

ملک میں اگر کسی جج کی زندگی محفوظ نہیں ہیں، نشتر ہسپتال کے چھت پر پڑی یہ نعشیں افراد کی ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ احمد خان نے نشتر ہسپتال میں پانچ سو سے زیادہ مسخ شدہ نعشوں کے ڈی این اے ٹیسٹ کے ذریعے معلومات کیلئے ایک آزاد تحقیقاتی کمشن کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کونے کونے سے ہزاروں پشتونوں و بلوچوں کو زبردستی لاپتہ کیا گیا ہے جن کی ایک دیدار کیلئے انکے والدین بھائی اور بہنے اشک بار آنکھوں سے انتظار کر رہے ہیں قومی خدشہ ہے کہ نشتر ہسپتال کے چھت پر پڑی یہ نعشیں افراد کی ہوگی اپنے ایک تعزیتی بیان بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

اوستا محمد ضلع تو بن گیا مگر سیلاب میں مکمل طور پر ڈوبا ہوا ہے، میر جان محمد خان جمالی

تحصیل گنداخہ سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے اس وقت بھی ہاکا ہاکا پانی بہہ رہا ہے راستے بند ہیں

گنداخہ (نامہ نگار) قائم مقام گورنر بلوچستان میر جان محمد خان جمالی نے کہا کہ اوستا محمد ضلع تو بن گیا مگر سیلاب میں مکمل طور پر ڈوبا ہوا ہے تحصیل گنداخہ سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے اس وقت بھی ہاکا ہاکا پانی بہہ رہا ہے راستے بند ہیں مشتمل میں گندم کے فصل ہونے کا امکان نہیں ہے افسوس کی بات ہے کہ اب بھی سندھ سے زہریلا پانی چھوڑا جا رہا ہے جو کہ انسانوں کے ساتھ ساتھ جانوروں کیلئے بھی انتہائی خطرناک ہے مگر ہم ناامید نہیں ہیں گنداخہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہے جس بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

جعفر آباد کے سیلاب متاثرین کو مشکل کی اس گھڑی میں تنہا نہیں چھوڑیں گے، نجیب اللہ ترین

قومی اور بین الاقوامی اداروں کے ساتھ مل کر امدادی کارروائیوں اور متاثرین کی بحالی کیلئے اقدامات کئے جائیں گے

جعفر آباد (ٹ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد نجیب اللہ ترین نے کہا ہے کہ جعفر آباد کے سیلاب متاثرین کو مشکل کی اس گھڑی میں تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ قومی اور بین الاقوامی اداروں کے ساتھ مل کر امدادی کارروائیوں اور متاثرین کی بحالی کیلئے اقدامات کئے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیلاب زدگان کیلئے قائم گردہ خیمہ بستیوں کے دورے کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ ان کے ہمراہ اے سی جعفر آباد بلال شبیر اور ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر سلیم کھوسہ بھی تھے۔

سابق چیف جسٹس محمد نور مسکانزئی کے قاتلوں کو فوری گرفتار کیا جائے، ایڈیکٹ میر مہر اللہ مری

صوبے میں وکلا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، جمعیت علماء اسلام ف

کوہلو (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ف کے سینئر رہنماء اور ایڈیکٹ میر مہر اللہ مری نے سابق چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ محمد نور مسکانزئی کے خاندان میں قاتل کو قومی سانحہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ شہید نور محمد مسکانزئی کے قاتلوں کو حکومت فوری طور پر گرفتار کرکے کیفر کردار تک پہنچائے انہوں نے مزید کہا کہ صوبے میں آئے روز سینئر وکلا کی قتل ایک بہت بڑا سوال ہے ماضی قریب میں بھی وکلا کو شہید کیا گیا ہے مگر حکومت کی جانب سے وکلا برادری کو خاطر خواہ سیکورٹی مہیا کر نا اب بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

سیاسی جماعتوں نے سیاست سے اخلاقات کا جنازہ نکال کر سیاست کو گندگی میں پھینک دیا ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

شہر میں صحت، تعلیم نظام نہ ہونے کے برابر ہے جس کی وجہ سے عوام در در کی ٹھوکریں کھا رہی ہے

کوہلو (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے ضلعی امیر مولانا عبدالرحمن رفیق نے کہا ہے کہ سیاسی جماعتوں نے سیاست سے اخلاقات کا جنازہ نکال کر سیاست کو گندگی میں پھینک دیا ہے، جمعیت علماء اسلام ایک سیاسی جماعت ہونے کے ساتھ مذہبی جماعت بھی ہے جو شہر کے مسائل کو اجاگر کرنا اپنا فرض سمجھتی ہے، شہر میں گیس، بجلی کی لوڈ شیڈنگ، سرکاری مشنری ہونے کے باوجود شہر میں پانی کی عدم فراہمی سے عوام مشکلات سے دوچار ہیں، جمعیت علماء اسلام کے زیر اہتمام بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

سیلاب متاثرین کو کسی بھی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے، مدثر جمالی

بی آر ایس ایس بڑے پیمانے پر متاثرین میں اپنی امدادی سرگرمیاں بروئے کار لائے گی

بی آر ایس پی کی جانب سے ڈسٹرکٹ کوارڈینیٹر مدثر جمالی کی سربراہی میں سیکڑوں سیلاب متاثرین میں راشن تقسیم کیا گیا

گنداخہ: (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق BRSP جعفر آباد کی جانب سے ڈسٹرکٹ کوارڈینیٹر مدثر جمالی کی سربراہی میں سیکڑوں سیلاب متاثرین میں خشک راشن اور وائر بوتھیں تقسیم کیے گئے راشن میں آٹا، چاول، چینی، دالیں اور ضروریات زندگی کی اشیاء شامل تھیں جبکہ متاثرین میں خوشی اور دوزخ تھی اس موقع پر BRSP جعفر آباد کے ڈسٹرکٹ کوارڈینیٹر مدثر جمالی نے سینئر صحافی تحصیل پریس کلب گنداخہ کے صدر چاچا محمد حکیم جمالی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سیلاب متاثرین تنہا نہیں چھوڑیں گے اور اوستہ محمد اور گنداخہ کے سیلاب متاثرین میں بڑے پیمانے پر امدادی سرگرمیاں جاری رکھیں گے آج بھی الحمد اللہ اوستہ محمد میں 500 سو متاثرہ خاندانوں میں خشک راشن تقسیم کیے گئے اور سیلاب متاثرین کو بہترین سہولیات فراہم کرنا BRSP کا وژن ہے ان شاء اللہ جلد بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

سیلاب نے سینکڑوں دیہات تو کو صفحہ ہستی سے مٹا دیا ہے، دھنیش کمار

بلوچستان عوامی پارٹی صوبہ بھر میں مضبوط اور فعال ہے کافی لوگوں کی خواہشات ہے

بی اے پی بلوچستان میں ٹوٹ پھوٹ کا شکار یا دھڑے بندی کا شکار ہو لیکن یہ ان کی خام خیالی ہے

گنداخہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیئر دھنیش کمار نے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی صوبہ بھر میں مضبوط اور فعال ہے کافی لوگوں کی خواہشات ہے کہ بی اے پی بلوچستان میں ٹوٹ پھوٹ کا شکار یا دھڑے بندی کا شکار ہو لیکن یہ ان کی خام خیالی ہے۔ مگر میں باوثوق سے کہتا ہوں کہ بلوچستان عوامی پارٹی بلوچستان کے حقوق کیلئے بنی تھی اور بلوچستان عوامی پارٹی رہے گی اور عوام کے حقوق کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی ان خیالات کا اظہار انھوں نے اپنی رہائش گاہ میں ہمارے نمائندے سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا انھوں نے کہا کہ حالیہ سیلاب نے صوبے بھر میں جو تباہی مچائی ہیں جو کہ ہمارا صوبے کا انفراسٹرکچر تباہ ہو گیا ہے عوام کے گھر گر گئے ہیں اب سیلاب متاثرین کی بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

چیمبر آف کامرس کے سینئر صدر آغا گل سے نیشنل پارٹی کے رہنما اسحاق حیدری اور بی این پی کے مبارک علی ہزار ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان پولیس ایک بہترین آفیسر سے محروم ہو گیا

صحبت پور (نامہ نگار) بلوچستان پولیس ایک بہترین آفیسر سے محروم ہو گیا سابق ایس ایس پی صحبت پور ملنسار عوام دوست عبداللطیف بلوچ صاحب کا کراچی جاتے ہوئے بسمہ کے نزدیک روڈ حادثے میں شہید ہو گئے بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی کے ہر دور حکومت میں عوام کی مفادات پر مبنی معاشی پالیسیاں بنیں، شیر محمد ترین

پاکستان پیپلز پارٹی ملک کے غریب طبقات اور پسے ہوئے عوام کی نمائندہ سیاسی اور عوامی جماعت ہے

چشمین (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی چشمین کے ضلعی صدر شیر محمد ترین نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی ملک کے غریب طبقات اور پسے ہوئے عوام کی نمائندہ سیاسی اور عوامی جماعت ہے، پارٹی اپنے عوام کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑ سکتی، ضلع چشمین میں 22000 غریب خاندانوں میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے ایک ارب دس کروڑ روپے تقسیم کا سلسلہ منصفانہ انداز میں جاری ہے جس میں سیلاب متاثرین کے گھرانے بھی شامل ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

10 ہزار کے قریب جعلی ووٹ ڈالیگے، ووٹوں کی تصدیق کیلئے الیکشن کمیشن جائیں گے، ایمل ولی

آڈیو کالز کے ثبوت موجود ہیں جس میں اس دھاندلی کی مکمل منصوبہ بندی کی گئی تھی، رہنما عوامی نیشنل پارٹی

چارسدہ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے رہنما ایمل ولی کا این اے 24 چارسدہ میں شکست پر ردعمل میں کہا ہے کہ 10 ہزار کے قریب جعلی ووٹ ڈالے گئے، ووٹوں کی تصدیق کے لیے الیکشن کمیشن جائیں گے۔ ٹوئٹر پر ایک بیان میں ایمل ولی نے کہا کہ تاریخی طور پر یہاں ہمیشہ انتخابات کو مینیج کیا گیا ہے، آج بھی یہی کیا گیا، ایک رات پہلے بتا دیا تھا کہ صوبائی حکومت ووٹ خرید رہی ہے اور بوگس ووٹنگ کی سازش کر رہی ہے۔

کوئٹہ: بنجنی بک فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام دو روزہ کتاب میلے کا افتتاح بائیر سیکنڈری سکول کے سربراہ نصیر شاہ اور ہوٹل سٹاف کر رہے ہیں

ضلع قلات میں ہندو برادری کے مکان کو قبضہ مافیاں سے خالی کرایا جائے

ژوب (نامہ نگار) ہندو ہالیک برادری ژوب کے چیمبر مین و دیگر نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ ضلع قلات میں ہندو برادری کے جگدیش رام چند ولد اجالا رام کے مکان قبضہ مافیاں سرور ولد عبدالمجید قوم قلندرانی سے خالی کرایا جائے کیونکہ انہوں نے بزور طاقت اور غیر قانونی قبضہ کر لیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ 2013 میں جب قلات میں حالات خراب ہوئے اور دہشت بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

توشکی میں کسٹمز کی کارروائی، 9 کروڑ روپے مالیت کا غیر ملکی سامان برآمد

کوئٹہ (این این آئی) توشکی میں کسٹمز نے کارروائی کرتے ہوئے 9 کروڑ روپے مالیت کا غیر ملکی سامان برآمد کر لیا۔ ترجمان کسٹمز حکام کے مطابق توشکی میں کوئٹہ کسٹم کے توشکی فیلڈ انفورسمنٹ یونٹ کا رروائی کرتے ہوئے دوران تلاشی ایک ٹرک سے چھالیہ، کاجو، مردانہ زنانہ کپڑا، انڈو پارٹس اور دیگر اشیاء برآمد کر کے قبضے میں لے لیں، ترجمان کے مطابق برآمد شدہ سامان کی بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

قائمہ کمیٹی پٹرولیم کا اجلاس مصدق ملک اور سیف اللہ ابڑو کے درمیان تلخ کلامی

جب ان کو آئینہ دیکھائیں تو برا مانتے ہیں، سرکاری افسران وزراء کو اصل معاملہ کا علم ہی نہیں ہونے دیتے، چیئرمین کمیٹی

اگر میں کمیٹی میں بیٹھ نہیں سکتا تو بلایا کیوں تھا، توہین نہ کی جائے میں چلا جاتا ہوں، مصدق ملک ..... ایسی بات نہیں ہے آپ تشریف رکھیں، چیئرمین

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ کی قائمہ کمیٹی پٹرولیم کے اجلاس میں وزیر مملکت مصدق ملک اور سیف اللہ ابڑو کے درمیان تلخ کلامی ہوئی۔ سینیٹر محمد عبدالقادر کی زیر صدارت سینٹ کی قائمہ کمیٹی پٹرولیم کا اجلاس ہوا جس میں ایل این جی ٹرمینل پر قطر انوسٹمنٹ کمپنی کی طرف مجوزہ 3 ارب ڈالر سرمایہ کاری پر بریفنگ دی گئی۔ حکام وزارت پٹرولیم نے کہا کہ نجی شعبے دو ایل این جی ٹرمینل تعمیر کرنے کیلئے کام کر رہا ہے، قطر انوسٹمنٹ کمپنی بھی سرمایہ کاری کرنا چاہتی ہے۔ حکام نے کہا کہ ان ٹرمینلز میں حکومت کی کوئی سرمایہ کاری نہیں، ان ٹرمینلز پر تھرڈ پارٹی کی اوپن ایکسس نہیں ہوگی۔ اجلاس کے دوران وزیر مملکت مصدق ملک نے کہا کہ پہلے یہ فیصلہ کریں کہ وزیر مملکت کو اجلاس میں بیٹھنے کی اجازت ہے کہ نہیں۔ بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

دیگر صوبوں کے مساوی سکیلوں میں جونیئر کیڈرز کی اپ گریڈیشن چاہتے ہیں۔ ٹی ٹی اے ژوب

ردوبدل اور مزید تاخیر نا قابل برداشت ہے ہر فورم پر شدید احتجاج کیا جائے گا۔ فتح خان مندوخیل

ژوب (نامہ نگار) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ژوب کے صدر فتح خان مندوخیل جنرل سیکرٹری مولانا سید مشہود شاہ اخونزادہ چیئرمین عبدالطیف مندوخیل آرگنائزر نجیب خان کاکڑ سفر خان اچوزئی؛ خان محمد دیوال؛ رئیس احمد؛ ہارون خان؛ عبدالرشید ناصر؛ امان اللہ کیزئی؛ علاؤالدین خریاں؛ ضیاالدین؛ وزیر خان ناصر؛ مولوی محمد قاسم بابر؛ شیخ صابر شاہ مندوخیل اور مولوی عبدالرازق نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

محمد نور مسکانزئی کے شہادت پر مسکانزئی ہاؤس فاتحہ خوانی اور تعزیت کا سلسلہ جاری

خاران (نمائندہ خصوصی) بلوچستان ہائی کورٹ کے سابق چیف جسٹس محمد نور مسکانزئی کے شہادت پر مسکانزئی ہاؤس گزری روڈ خاران ٹاؤن میں آج دوسرے روز بھی فاتحہ خوانی اور تعزیت کا سلسلہ جاری رہا اس سلسلے میں مختلف اہلی سرکاری احکام سیاسی و قبائلی شخصیات علاقائی معتبرین اور مختلف طبقہ فکر کے لوگ بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

عدالت عالیہ بلوچستان، ہائی کورٹ سرکٹ بنچز و تمام ضلعی عدالتوں میں تین روز سوگ اور قومی پرچم سرنگوں رہے گا

کوئٹہ (این این آئی) عدالت عالیہ بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق شہید ریٹائرڈ جسٹس محمد نور مسکانزئی، سابق چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان کی شہادت پر عدالت عالیہ بلوچستان، ہائی کورٹ سرکٹ بنچز و تمام ضلعی عدالتوں میں تین روزہ سوگ اور قومی پرچم سرنگوں رہے گا۔

تعلیم و صحت کے حوالے سے کسی قسم کا سمجھوتہ قابل قبول نہیں ہے، محمد حنیف نورزئی

اساتذہ اور ڈاکٹرز اپنی حاضری یقینی بنائیں اسسٹنٹ کمشنر مستنگ

مستنگ (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر مستنگ محمد حنیف نورزئی نے کہا ہے کہ تعلیم اور صحت کے حوالے سے کسی قسم کی رعایت نہیں ہو سکتی ہے اساتذہ کرام اور ڈاکٹر حضرات اپنی سو فیصد حاضری یقینی بنائیں تاکہ بچوں کو تعلیم اور عوام کو صحت کی سہولیات میسر ہو سکے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی کمشنر قلات منیر درانی کے ہدایت پر آر ایچ سی ہسپتال مندے حاجی مستنگ اور گورنمنٹ گرلز ہائی سکول پرانا تھانہ کے دورے کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے آر ایچ سی بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

موسیٰ خیل، ڈپٹی کمشنر ریاض احمد نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے

مالشیل میں دیگر مسائل کیساتھ صفائی کا نظام بھی درہم برہم ہے، عوامی حلقے

مالشیل (این این آئی) سرحدی تحصیل مالشیل دیگر مسائل کے ساتھ ساتھ صفائی کا نظام بھی درہم برہم ہے مالشیل بازار مین چوک اور اردگرد کے گلیوں سبزی منڈی و دیگر اطراف میں کچروں کا ڈھیر جمع ہے جس کی وجہ سے لوگوں کو خرید و فروخت اور بازار آنے جانے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جگہ جگہ میں بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

جی ٹی اے شیرانی کی کابینہ ارکان کا ڈپٹی کمشنر شیرانی جناب حضرت ولی کاکڑ سے ملاقات

ژوب (نامہ نگار) جی ٹی اے شیرانی کی کابینہ ارکان کا ضلعی صدر کے قیادت میں ڈپٹی کمشنر شیرانی جناب حضرت ولی کاکڑ سے ملاقات۔ گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن شیرانی کے کابینہ ارکان کی ضلعی صدر امیر محمد شیرانی کی قیادت میں میں نئے تعینات ہوئے ڈپٹی کمشنر شیرانی جناب حضرت ولی کاکڑ سے انکے آفس میں ملاقات اور انکو شیرانی آمد پر خوش آمدید کہا۔ ملاقات میں ضلعی صدر و کابینہ ارکان نے ڈپٹی کمشنر شیرانی کو ضلعی تعلیمی صورتحال، اساتذہ کو درپیش مسائل، اساتذہ کی بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

آل ججز کمیٹی کا تعزیتی اجلاس چیف جسٹس کی صدارت منعقد ہوا

کوئٹہ (این این آئی) عدالت عالیہ بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق 17 اکتوبر 2022 کو آل ججز کمیٹی کا تعزیتی اجلاس چیف جسٹس کی صدارت تعزیتی منعقد ہوا۔ جس میں شہید ریٹائرڈ جسٹس محمد نور مسکانزئی سابق چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان و سابق چیف جسٹس وفاقی شرعی عدالت اسلام آباد کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے انکی ناگہانی شہادت کو ناقابل تلافی نقصان قرار دیا اجلاس میں انکی شہادت پر گہرے بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

بلوچستان پنجاب قومی شاہراہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے سے ٹریفک حادثات معمول بن گئے

کوہلو (این این آئی) بلوچستان پنجاب قومی شاہراہ حالیہ بارشوں اور سیلاب کے باعث شدید ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکا ہے جس کے باعث قومی شاہراہ پر آئے روز حادثات معمول بن گئے ہیں گزشتہ روز رکھنی کے قریب بوالہ کے مقام پر ٹرک الٹنے کے باعث راہ گیر جمل خان جاں بحق جبکہ بچی زخمی ہو گئی ہیں جبکہ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران ٹرک اور گاڑیوں کے الٹنے کے مختلف واقعات میں دو افراد جاں بحق جبکہ 5 افراد زخمی ہوئے ہیں بلوچستان پنجاب نیشنل ہائی وے کی بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

نیشنل پارٹی سیاسی جمہوری اقدار کی علمبردار سیاسی جماعت ہے، رحمت صالح بلوچ

سوشل میڈیا کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں، سوشل میڈیا نے دنیا کو مزید گلوبلائزڈ کر دیا ہے

نیشنل پارٹی سیاست میں سنجیدگی بردباری اور سیاسی احترام کا مکمل تاثر ہے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام خواتین عہدیداران و کارکنان کے لیے سوشل میڈیا ورکشاپ زیر صدارت صوبائی صدر رحمت صالح بلوچ منعقد ہوا۔ ورکشاپ کی مہمان خاص مرکزی خواتین سیکرٹری یاسمین لہڑی تھے۔ صوبائی سوشل میڈیا سیکرٹری سعد بلوچ نے سوشل میڈیا کی اہمیت، استعمال اور مختلف سائنس ٹولز کے مناسبت سے آگاہی فراہم کیا اور خصوصاً فیس بک اور ٹوئٹر کو کیسے جاندار اور بہتر انداز سے پارٹی کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس موقع بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: سابق وزیر روش خورشید بردہ ڈپٹی کوئٹہ میں سالانہ سپورٹس گالا کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

کھیلوں کا انعقاد صحت مند معاشرے کے لیے انتہائی ضروری ہے، ادا امام بخش خاصخیلی

کھیلوں کے انعقاد سے نوجوان طبقہ منشیات جیسی لعنت سے دور و مثبت سرگرمیوں میں مصروف عمل رہتے ہیں

وندر (آن لائن) کھیلوں کا انعقاد صحت مند معاشرے کے لیے انتہائی ضروری ہے اس طرح کھیلوں کے انعقاد سے نوجوان طبقہ منشیات جیسی لعنت سے دور و مثبت سرگرمیوں میں مصروف عمل رہتے ہیں جب کھیل کے میدان آباد ہو گئے تو نوجوان منفی سرگرمیوں سے محفوظ ہو گئے اسکے علاوہ کھلاڑیوں میں مقابلے کا رجحان پیدا ہوتا ہے جو انہیں عملی زندگی میں کام آتا ہے۔

35 سال بعد کلاس فور کو ترقی پر سیکرٹری و ڈائریکٹر جنرل کھیل کے مشکور ہیں، ایپکا اسپورٹس یونٹ

بحیثیت جونیئر کلرک ترقی ہونا خوش آئند عمل ہے، سیکرٹری کھیل سے کامیاب مذاکرات پر تبدیل سے مشکور ہیں، ایپکا

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ کھیل میں پینتیس سال کے بعد کلاس فور ملازمین کو ترقی دیکر جونیئر کلرک بنا دیا گیا۔ ترقی پانے والے ملازمین میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ اس موقع پر محکمہ کھیل ایپکا یونٹ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایپکا اسپورٹس یونٹ کے عہدیداران سمیت بڑی تعداد میں ملازمین نے شرکت کی اجلاس میں سیکرٹری برائے کھیل و امور نوجوانان بلوچستان بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

کمشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ سے صدر ایپکا کمشنر و ڈپٹی کمشنر آفس کوئٹہ علی لہڑی، جنرل سیکرٹری حاجی اکرم سنگلوئی ملاقات کر رہے ہیں

ہماری جدوجہد اس روشن صبح کیلئے ہے جب ہر نوجوان برسر روزگار ہوگا، آصف زرداری

سانحہ کارساز کے شہدا کی بہادری، وفاداری اور ثابت قدمی کی دنیا کی سیاسی تاریخ میں کوئی مثال نہیں ملتی، صدر پیپلز پارٹی پارلیمنٹرین

جنہوں نے ہم دھماکوں سے بے خوف ہو کر اپنی عظیم بہن اور قائد کی حفاظت کی، آج محترمہ بینظیر بھٹو شہید اور ان کے ہزاروں جیالوں کے خون سے جمہوریت قائم ہے

کراچی (این این آئی) سابق صدر مملکت اور صدر پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز آصف علی زرداری نے سانحہ کارساز کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے پاکستان پیپلز پارٹی نے اپنی عظیم قائد محترمہ بینظیر بھٹو شہید کے مشن کی تکمیل کرتے ہوئے 1973 کے آئین کو اصل صورت میں بحال کیا، صوبوں کو خود اختیاری عطا کی دی، گلگت بلتستان اور خیبر پختونخوا کے عوام کو شناخت دی، غریب اور مستحق خواتین کو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے ریاست کے ثمرات میں حصہ دار بنایا۔ سابق صدر نے کہا کہ ہماری جدوجہد اس روشن صبح کیلئے ہے جب ہر نوجوان برسر روزگار ہوگا، معاشی اور سماجی طور کمزور طبقات کو معاشی اور سماجی انصاف مہیا ہوگا۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ محترمہ بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

فزیوتھراپسٹس طلباء کے جائز مطالبات کو تسلیم کیا جائے، سیف اللہ کاکڑ

تمام گرفتار طلباء کو رہا کر کے ان پر درج ہونیوالے مقدمات واپس لیئے جائے

کوئٹہ (آن لائن) فزیوتھراپسٹس طلباء کے جائز مطالبات کو تسلیم کیا جائے، تمام گرفتار طلباء کو رہا کر کے ان پر درج ہونیوالے مقدمات واپس لیئے جائے، جمہوری احتجاج کا حق ملکی آئین میں دیا گیا ہے جس پر مقدمات پر درج کرنا قابل افسوس اور قابل گرفت عمل ہے، پشتونخوا ایس او طلباء پر تشدد، انہیں گرفتار کرنے کی مذمت کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن جنوبی پشتونخوا زون کے آرگنائزر سیف اللہ کاکڑ، سینئر ڈپٹی آرگنائزر یار محمد بریال، اطلاعات آرگنائزر اسفند کاکڑ، آفس آرگنائزر عظیم افغان، رابطہ آرگنائزر محمود اچکزئی، مالیات بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے زخمی ایک اور فلسطینی دم توڑ گیا

مجاہد داؤ قابض فوج کے ساتھ جھڑپوں میں زخمی اور پھر زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) فلسطین کے مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیل فوج کی گولی لگنے سے زخمی ہونے والا فلسطینی جاں بحق ہو گیا۔ فلسطینی وزارت صحت نے بتایا کہ 31 سالہ مجاہد داؤ سلفیت کے گاؤں بنی حسان میں قابض فوج کے ساتھ جھڑپوں کے دوران شدید زخمی ہوا اور پھر زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا۔ صہیونی فوج نے 5 فلسطینی شہریوں کو گولیاں ماریں جن میں ایک وادی شامل تھا۔ گولی اس کے سینے میں لگی تھی۔ اسے سلفیت کے سرکاری ہسپتال میں لے جایا گیا، حالت نہ سنبھلنے پر اسے رام اللہ کے استشاری ہسپال منتقل کر دیا گیا لیکن وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہو گیا ہے۔

حاجی ممتاز کی جلد صحت یابی کے لئے دعا گو ہیں، چیف جسٹس

کوئٹہ (این این آئی) عدالت عالیہ بلوچستان کے ایک اعلامیے کے مطابق 17 اکتوبر 2022 کو چیف جسٹس و دیگر جسٹس صاحبان عدالت عالیہ بلوچستان نے خاران واقعہ بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

قلات، بلوچستان نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام شہید میر نور الدین مینگل کے برسی کے موقع پر تعزیتی ریفرنس سے مرکزی جون بیر نائب صدر پرنس آغا موسیٰ جان احمد زئی مکری شفقت اللہ مگسی سردار عبدالفتاح عالیزئی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

تعلیم ہی کے ذریعے علاقے اور ملک کی ترقی ممکن ہے، حضرت ولی کاکڑ

ضلع شیرانی کے تمام سکولوں کا دورہ میرا اولین ترجیحات میں شامل ہے

شیرانی (ٹ ن) ڈپٹی کمشنر شیرانی حضرت ولی کاکڑ نے ڈسٹرکٹ شیرانی میں گورنمنٹ ہائی سکول خان عالم کی